# یکساں قومی نصاب

برائے

اسلامیات (لازمی)

جماعت ششم تا ہشتم

2020

# یکساں قومی نصاب

برائے

# اسلامیات (لازمی)

# جماعت ششم تا ہشتم

2020

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## پیش لفظ

اسلامیات کے نصاب کے لیے نظرثانی کمیٹی 2019 بنائی گئی۔اس کمیٹی نے انتہائی پر خلوص کوششوں کے بعد نصاب 2006 کا تحقیقی جائزہ لینے کے بعد نصاب میں حتی الامکان مزید بہتری لانے کی سعی کی ہے۔ پہلی سے پانچویں تک کے نصاب کا پہلا مسودہ تمام صوبوں اور علاقوں میں بھیجا گیا جہاں کمیٹیوں نے اس مسودہ پر مزید نظرثانی کے بعد اپنی سفارشات وفاقی وزارت تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت کو بھیج دیا۔اسلام آباد میں تمام صوبوں، علاقوں، وفاقی تعلیمی ادارہ جات (کینٹ اینڈ گیریژن) اور اتحاد تنظیمات المدارس پاکستان کے نمائندہ علمائے کرام،، محققین اور ماہرین مضمون کے چار روزہ اجلاس میں یہ نصاب برائے جماعت اول تا پنجم تکمیل تک پہنچا۔

نصابِ اسلامیات کی نظرثانی کا مقصد ہے کہ یہ نصاب محض عقائد، عبادات، سیرت اور اخلاق و آداب کی معلومات تک ہی محدود نہ رہے بلکہ طلبہ کی کردار سازی اور شخصیت میں راسخ العمل بنایا جائے۔اس لیے نصاب میں دو اجزا (Strands) کا اضافہ کیا گیا ہے تاکہ طلبہ کو دور حاضر کے مسائل کو اسلامی تعلیمات کی روشنی میں حل کرنے کی ترغیب دی جاسکے۔جن میں ''حسن معاملات و معاشرت'' اور ''اسلامی تعلیمات اور عصرِ حاضر کے تقاضے'' شامل ہیں۔

نصاب کی تیاری میں اجزا (Strands) معیارات (Standards)، حدودِ تدریج (Benchmarks) حاصلاتِ تعلّم (Learning Outcomes) اور خصوصی طور پر عملی سرگرمیوں (Activities) کو باقاعدہ طور پر شامل کردیا گیا ہے جس سے تخلیقی صلاحیتوں کی حوصلہ افزائی اور روزمرہ زندگیوں میں اسلام کے عملی اطلاق کو فروغ حاصل ہوگا۔

یکساں قومی نصاب برائے اسلامیات میں سیرتِ طیبہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے عنوان سے ایک مستقل موضوع شامل ہے جس میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی حیاتِ طیبہ کے عملی پہلوؤں کو اجاگر کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔سیرت نبوی کے یہ عملی پہلو بچوں کی عمر اور ذہنی استعداد کے مطابق شامل کیے گئے ہیں جو نسل نو کے لیے مشعل راہ ثابت ہوں گے۔یہ نہ صرف ان کی ذاتی زندگیوں بلکہ وطن عزیز میں اجتماعی طور پر بھی بہتری کا سبب بنیں گے۔

اسلامیات کے یکساں قومی نصاب برائے اول تا پنجم کی طرح موجودہ نصاب برائے ششم تا ہشتم میں بھی طلبہ کے سیکھنے کے عمل کے امکانات کو بڑھانے کی کوشش کی گئی ہے تاکہ طلبہ اسلامیات کو صرف مضمون کے طور پر نہ پڑھیں بلکہ اس میں دی گئی تعلیمات کو اپنی روزمرہ زندگی میں شامل عمل کرسکیں اور ایک اچھا مسلمان بن سکیں۔نظرثانی کمیٹی برائے اسلامیات نے نصاب کے تدریسی مواد کے اطلاق کو عام فہم اور آسان زبان میں متعارف کروانے کی تجویز دی ہے۔اور اساتذہ اور مصنفین کے لیے باقاعدہ ایک مسودہ تیار کیا گیا ہے۔جس میں کچھ ہدایات دی گئی ہیں جن پر عمل کرنے سے بہترین نتائج کی امید کی جاسکتی ہے۔

## مقاصد تدریسِ اسلامیات (اول تا دوازدہم)

یکساں نصابِ اسلامیات کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:۔

۱۔ اس بات پر پختہ ایمان اور یقین کریں کہ اللہ تعالیٰ ایک ہے۔ صرف وہی خالق، مالک، رازق اور حاکم ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں۔ اور یہ کہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اللہ کے آخری نبی اور رسول ہیں۔

۲۔ تمام نبیوں اور رسولوں پر ایمان لا سکیں اور عقیدۂ ختمِ نبوت پر پختہ یقین رکھیں نیز ان پر نازل کردہ آسمانی کتب پر ایمان لائیں اور قرآن مجید کو آخری الہامی کتاب مانیں اور اللہ تعالیٰ کے مقرب فرشتوں پر پورے یقین اور صدقِ دل سے ایمان لا سکیں۔

۳۔ اس بات پر ایمان لائیں کہ یہ دنیا فانی ہے، قیامت ضرور آئے گی اس یقین کے ساتھ آخرت کی بہترین تیاری کر سکیں۔

۴۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے محبت رکھیں اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی سیرت اور اسوہ حسنہ سے آگاہ ہوں۔ سچے دل سے سیرت اور اسوہ حسنہ کی اتباع کریں اور معاشرے میں اسلامی اقدار و تعلیمات کے احیاء کا فریضہ سر انجام دیں۔

۵۔ قرآن مجید کی تلاوت کی اہمیت اور اس کے آداب سے واقف ہوں۔ قرآن مجید کی تجوید، رموزِ اوقاف، درست تلفظ اور روانی کے ساتھ تلاوت کر سکیں اور اس کا مفہوم سمجھیں۔ ذوق و شوق اور خشیت و اخلاص کے ساتھ قرآنی تعلیمات کی پیروی کر سکیں۔

۶۔ عبادات کی اصل روح اور ان کی اہمیت کو سمجھ سکیں اور خشوع و خضوع سے ان کی ادائیگی کر سکیں۔

۷۔ معاشرتی زندگی میں آدابِ معاشرت، حسنِ اخلاق و معاملات اور حقوق و فرائض سے متعلق اسلامی تعلیمات کی اہمیت سے واقف ہوں اور ان کے فوائد و برکات سے آگاہ ہوتے ہوئے اپنی زندگی اس کے مطابق ڈھال سکیں۔

۸۔ اپنے وطن سے محبت، قومی یکجہتی و سلامتی، نظریاتی سرحدوں کی حفاظت اور دفاعِ وطن کے لیے جدوجہد کر سکیں۔

۹۔ روزمرہ زندگی میں اخلاقِ حسنہ مثلاً خدمتِ خلق، اخوت و مساوات، تحمل و بردباری، نظم و ضبط، سچائی، حیا، ایفائے عہد، عفو و درگزر کو اپنا سکیں اور اخلاقِ رذیلہ مثلاً فضول خرچی، غرور و تکبر، نمود و نمائش اور ریاکاری وغیرہ کی تمام صورتوں سے اجتناب کر سکیں۔

۱۰۔ لسانی، علاقائی، صوبائی، مذہبی، مسلکی، گروہی تعصب اور فرقہ وارانہ سوچ سے بالاتر ہو کر ملی اتحاد قائم کر سکیں۔

۱۱۔ رواداری، برداشت اور صبر و تحمل کے جذبے سے سرشار ہو کر قومی یکجہتی قائم کریں اور دیگر مذاہب کے پیروکاروں کا لحاظ کر سکیں نیز دوسرے مذاہب کے پیروکاروں کے حقوق کا بھی خیال رکھ سکیں۔

۱۲۔ ملکی اور بین الاقوامی ذمہ داریوں سے آگاہ ہو کر ایک ذمہ دار شہری کا کردار ادا سکیں۔

۱۳۔ انبیاء کرام علیہم السلام، اہل بیت اطہار، ازواج مطہرات، صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہم اجمعین، مشاہیرِ اسلام اور صوفیائے کرام کی دینی خدمات اور کردار سے آگاہ ہو سکیں اور اپنی زندگی کو ان کے مطابق ڈھال سکیں۔

۱۴۔ مسلمانوں کے تابناک ماضی پر فخر کر سکیں اور عظیم مسلمان شخصیات کو اپنے لیے مشعلِ راہ بنا سکیں۔

۱۵۔ ۔اس بات پر پختہ یقین کریں کہ اسلام ایک عالمگیر دین ہے اور زندگی کے ہر شعبے کے لیے مکمل ضابطۂ حیات ہے۔ یہ قیامت تک تمام بنی نوع انسان کے لیے رہنمائی ہے۔اس لیے دینی تعلیمات کو سمجھتے ہوئے انھیں عملی طور پر اپنا سکیں۔

۱۶۔ اسلامی تعلیمات کی روشنی میں جدید علوم اور ٹیکنالوجی سے استفادہ کریں۔ جدید آلات اور ذرائع مواصلات کا مثبت اور موزوں استعمال کر سکیں۔

۱۷۔ علم کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے تحقیق، غور و فکر، تدبر اور پرکھنے کا جذبہ بیدار کر سکیں۔ عہد حاضر کے نئے رجحانات کو اسلامی نقطہ نظر سے سمجھ سکیں اور اپنے مسائل کا حل تلاش کر سکیں۔

۱۸۔ نظریۂ پاکستان کی حقیقی روح کو قرآن و سنت کی روشنی میں سمجھتے ہوئے مملکتِ پاکستان کو اسلامی فلاحی ریاست بنانے میں فعال کردار ادا کر سکیں۔

۱۹۔ قرآن و سنت کی تعلیمات کی روشنی میں حفظانِ صحت کے اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے اپنی ذہنی اور جسمانی صحت کا خیال رکھ سکیں۔

۲۰۔ قرآن و سنت کی تعلیمات کی روشنی میں قدرتی اور فطری ماحول کے تحفظ اور فوائد کو سمجھتے ہوئے صفائی، شجر کاری اور پانی بچاؤ مہم جیسی سرگرمیوں میں پر جوش حصہ لے سکیں۔

۲۱۔ اسلامی اقدار و روایات سے متصادم اور ثقافتی یلغار سے متاثر ہوئے بغیر قرآن و سنت کی تعلیمات کے مطابق انفرادی، خاندانی اور معاشرتی زندگی استوار کر سکیں۔

۲۲۔ مسلم شناخت کو اپنے ظاہری اعمال، کردار اور رویوں میں اختیار کر سکیں اور شریعت کے دائرے میں رہتے ہوئے امر بالمعروف و نہی عن المنکر کا فریضہ سرانجام دے سکیں۔

## اسلامیات کے یکساں قومی نصاب کی ترتیب

اسلامیات کا یہ نصاب ترتیب کے لحاظ سے پہلی سے بارہویں جماعت تک ہے۔ یہ نصاب طلبہ کی طبعی عمر اور ذہنی سطح سے مطابقت اور علمی، سماجی اور مذہبی ضروریات کو مد نظر رکھتے ہوئے ترتیب دیا گیا ہے۔ اس نصاب میں استعمال ہونے والی چند اصطلاحات کی تفصیل درج ذیل ہے:۔

## اجزا(Strands)

یکساں قومی نصابِ اسلامیات (پہلی سے بارہویں جماعت تک) سات اجزا پر مشتمل ہے۔ جن کی تفصیل درج ذیل ہے:۔

1. **قرآن مجید و حدیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم**
2. **ایمانیات وعبادات**
3. **سیرتِ طیّبہ**
4. **اخلاق وآداب**
5. **حسنِ معاملات ومعاشرت**
6. **ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیرِ اسلام**
7. **اسلامی تعلیمات اور عصرِ حاضر کے تقاضے**

## معیارات (Standards)

یکساں قومی نصابِ اسلامیات (پہلی سے بارہویں جماعت تک) سات اجزا پر مشتمل ہے۔ ہر جز کے الگ الگ معیار (Standard) مقرر کیے گئے ہیں۔ معیار سے مراد وہ علم، مہارتیں اور رویوں کے بارے میں ہماری توقعات ہیں جو طلبہ اسکول کے بارہ سالوں میں جانیں گے، مہارت حاصل کریں گے اور وہ ان سے اپنے رویوں میں مثبت تبدیلی لائیں گے۔

## حدود تدریج (Benchmarks)

نصابِ اسلامیات (پہلی سے بارہویں جماعت تک) کو پانچ حدِ تدریج میں تقسیم کیا گیا ہے۔ حدِ تدریج، معیارات کے حصول کے لیے مقرر کیے گئے ہیں جن سے مراد وہ علم، مہارتیں اور رویوں کے بارے میں ہماری توقعات ہیں جو طلبہ مقرر کردہ پانچ حدِ تدریج میں جانیں گے، مہارت حاصل کریں گے اور وہ ان سے اپنے رویوں میں مثبت تبدیلی لائیں گے۔ جن کی تفصیل درج ذیل ہے:۔

| حدِتدریج | جماعتیں |
| --- | --- |
| پہلا | پہلی اور دوسری جماعت |
| دوسرا | تیسری تا پانچویں جماعت |
| تیسرا | چھٹی تا آٹھویں جماعت |
| چوتھا | نویں اور دسویں جماعت |
| پانچواں | گیارہویں اور بارہویں جماعت |

## حاصلاتِ تعلّم(Learning Outcomes)

نصابِ اسلامیات کو پانچ حدِتدریج میں تقسیم کیا گیا ہے۔ہر حدِتدریج کے حصول کے لیے ہر جماعت، باب یا عنوان کے لیے حاصلاتِ تعلم مقرر کیے گیے ہیں جن سے مراد وہ علم، مہارتیں اور رویوں کے بارے میں ہمارے حاصلات کے متوقع نتائج ہیں جو طلبہ کسی خاص جماعت، باب یا عنوان میں جانیں گے، مہارت حاصل کریں گے اور وہ ان سے اپنے رویوں میں مثبت تبدیلی لائیں گے۔

## مجوزہ سرگرمیاں(Suggested Activities)

نصابِ اسلامیات کے معیارات، حدِتدریج اور حاصلاتِ تعلّم کے بہتر حصول کے لیے ہر جماعت، باب یا عنوان کے لیے حاصلاتِ تعلّم مقرر کیے گیے ہیں ۔ان حاصلات تعلم میں وقوفی(Cognitive)، مہاراتی( Psychomotor)،اور رویہ جاتی (Affective) پہلوؤں کے حصول کے لیے مجوزہ سرگرمیاں(Suggested Activities) بھی شامل کی گئی ہیں۔

## ترجمہ قرآن مجید

حکومت پاکستان کے لازمی تدریس قران ایکٹ ۲۰۱۷ کے مطابق جماعت ششم تا دوازدہم قران پاک کا ترجمہ پڑھایا جانا لازمی ہے۔اس سلسے میں ششم تا دہم مکی سورتوں کا ترجمہ اور گیارھویں اور بارھویں جماعت میں مدنی سورتوں کا ترجمہ پڑھایا جائے گا۔

۔ جزو(Strand): قرآن مجید و حدیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

معیار:( Standard)

قرآن مجید (تلاوت، حفظ، ترجمہ) اور حدیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم (حفظ، ترجمہ) اور ان کی تعلیمات کو سمجھ کر اپنی زندگی میں لاگو کرنے کی صلاحیت پیدا کریں۔

حدِ تدریج/ تدریس(Benchmarks

| حدِ تدریج/ تدریس ( Benchmarks) اوّل ودوم | حدِ تدریج/ تدریس ( Benchmarks) سوم تا پنجم | حدِ تدریج/ تدریس ( Benchmarks) ششم تا ہشتم |
|---|---|---|
| • قرآن مجید کی درست تجوید کے بنیادی اصول (مخارج اور رموزِ اوقاف کا خیال رکھتے ہوئے) قرآنی قاعدہ کی مدد سے سیکھ سکیں۔<br>• قرآن مجید کی آخری دس سورتوں کی تلاوت کر سکیں۔<br>• قرآن مجید کے پہلے دو پارے درست تجوید اور رموزِ اوقاف کے ساتھ تلاوت کر سکیں۔<br>• تعوذ، تسمیہ، کلمہ طیبہ اور مختصر درود شریف (صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم) مع مفہوم یاد کر سکیں اور موزوں مواقع پر ان کا استعمال کر سکیں۔<br>• روزمرہ زندگی میں استعمال ہونے والے عربی کلمات اور ان کا مفہوم یاد اور استعمال کر سکیں۔(ان شاء اللہ، ما شاء اللہ، الحمد للہ، یر حمک اللہ)۔ | • قرآن مجید کی درست تجوید کے ساتھ (مخارج اور رموزِ اوقاف کا خیال رکھتے ہوئے) تلاوت کرنے کی اہلیت پیدا کر سکیں۔<br>• قرآن مجید کے تیسرے پارے سے لے کر تیسویں پارے تک قرآن مجید درست تجوید اور رموزِ اوقاف کے ساتھ تلاوت کر سکیں۔<br>• قرآن مجید کی آخری دس سورتیں حفظ کر کے نماز اور نماز کے علاوہ پڑھنے کے عادی بن سکیں ۔<br>• سورہ فاتحہ، آیت الکرسی، کلماتِ طیبات، ثناء، تشہد، درود شریف، دعائے قنوت، تسبیحات اور مسنون دعائیں مع ترجمہ یاد کر سکیں۔<br>• کلمات طیبات: سبحان اللہ، اللہ اکبر، جزاک اللہ خیرا، استغفر اللہ، لا حول و لا قوۃ الا باللہ، مع ترجمہ یاد کر سکیں۔ | • قرآن مجید کی منتخب کردہ سورتیں (بمطابق ضمیمہ) کا ترجمہ یاد کر سکیں۔<br>• قرآن مجید کی منتخب کردہ سورتیں (بمطابق ضمیمہ) کے تراجم کے مفہوم کو سمجھ سکیں۔<br>• ان احکام کو سمجھ کر اپنی عملی زندگی میں ہدایت ور ہنمائی حاصل کر سکیں۔<br>• قرآن مجید کی منتخب کردہ سورتوں (سورۃ اللیل ۹۲ تا سورۃ الھمزۃ ۱۰۴) کو درست تلفظ اور روانی کے ساتھ حفظ کر کے نماز میں اور نماز کے علاوہ پڑھنے کے عادی بن سکیں۔<br>• منتخب کردہ مسنون دُعائیں اور کلمات ترجمہ اور مفہوم کے ساتھ حفظ کر سکیں اور روزمرہ زندگی میں موزوں مواقع پر ان کو پڑھنے کے عادی بن سکیں۔<br>• بائیس(22) مختصر اور صحیح احادیث مع ترجمہ (بمطابق ضمیمہ) ذہن نشین کر |

| | | |
|---|---|---|
| • روزمرہ زندگی سے متعلق تین مختصر صحیح احادیث مع ترجمہ یاد کرکے ان پر عمل کر سکیں۔ | • روزمرہ زندگی سے متعلق پندرہ مختصر اور صحیح احادیث مع ترجمہ یاد کرکے ان پر عمل کر سکیں۔ | سکیں نیز اُن سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے عملی زندگی کا حصہ بنا سکیں۔ |

**۲۔ جزو (Strand): ایمانیات وعبادات**

**الف: ایمانیات**

**معیار: (Standard)** عقائدِ اسلام کی حقیقت بالخصوص عقیدہ توحید ورسالت و ختمِ نبوت، اور ان کے تقاضوں کو جان کر ان پر ایمان مضبوط کریں اور عملی زندگی میں ان کے تقاضے پورے کریں۔

| حدودِ تدریج/تدریس (Benchmarks) اوّل ودوم | حدودِ تدریج/تدریس (Benchmarks) سوم تا پنجم | حدودِ تدریج/تدریس (Benchmarks) ششم تا ہشتم |
|---|---|---|
| • اللہ تعالیٰ کی وحدانیت پر ایمان لا سکیں اور سمجھ سکیں کہ صرف اللہ تعالیٰ ہی تمام مخلوقات کے خالق ہیں۔<br>• اس بات کو سمجھ کر ایمان لے آئیں کہ تمام انبیائے کرام کو اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی رہنمائی کے لیے مبعوث فرمایا۔<br>• اس بات پر ایمان رکھیں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم خاتم النبیین یعنی اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے بعد ہمیشہ کے لیے کوئی نبی یا رسول نہیں آئے گا۔<br>• قرآن وسنت کی روشنی میں اس بات پر ایمان رکھیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسولوں پر الہامی کتب نازل کی ہیں اور ان کتب اور رسل کے نام بتا سکیں۔ | • پانچ بنیادی عقائدِ اسلام کا تعارف حاصل کر سکیں۔<br>• عقائدِ اسلام کی ضرورت واہمیت سمجھ سکیں۔<br>• عقائدِ اسلام کے عملی زندگی میں اثرات کے بارے میں اجمالی طور پر جان سکیں۔<br>• ان عقائد پر پختہ یقین رکھتے ہوئے انھیں اپنی عملی زندگی میں شامل کر سکیں۔<br>• عقیدہ ختمِ نبوت پر پختہ ایمان رکھیں اور یہ کہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی تعلیمات حتمی اور ہمیشہ کے لیے رہنے والی ہیں اور دنیا وآخرت میں کامیابی کا ذریعہ صرف اسوہ حسنہ پر عمل کرنے میں ہی ہے۔ | • بنیادی عقائدِ اسلام کا مفہوم تفصیل سے جان سکیں۔<br>• روزمرہ زندگی میں عقائدِ اسلام کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔<br>• عقائدِ اسلام کے عملی زندگی میں اثرات کو تفصیلی طور پر سمجھ سکیں۔<br>• اِن عقائد پر پختہ یقین رکھتے ہوئے انہیں اپنی عملی زندگی میں صدقِ دل سے تقاضے پورے کر سکیں۔<br>• عقیدہ ختمِ نبوت پر پختہ ایمان رکھیں اور حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی سیرتِ طیبہ سے مکمل طور پر واقفیت حاصل کرتے ہوئے اُسوہِ حسنہ کی صدقِ دل سے اتباع کریں۔ |

| | | |
|---|---|---|
| | | • فرشتوں، آسمانی کتب، آخرت اور تقدیر پر ایمان مضبوط کر سکیں اور عملی زندگی میں ان کے تقاضے پورے کریں۔ |

**ب: عبادات**

**معیار:(Standard)**

ارکانِ اسلام اور دیگر عبادات میں اللہ تعالیٰ کی بندگی اور اطاعتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی اصل روح کو جان کر اپنی زندگی ان کے مطابق گزاریں اور ان کے روحانی و معاشرتی فوائد حاصل کریں۔

| حدودتدریج/تدریس (Benchmarks) اول ودوم | حدودتدریج/تدریس (Benchmarks) سوم تا پنجم | حدودتدریج/تدریس (Benchmarks) ششم تا ہشتم |
|---|---|---|
| • یہ سمجھ لیں کہ نماز اسلام کا بنیادی رکن ہے، پنجگانہ نمازوں کے نام جان لیں اور یہ کہ مسجد نماز پڑھنے کی جگہ ہے اور اذان نماز کے لیے پکار کا نام ہے۔<br>• یہ سمجھ لیں کہ روزہ (صوم) اسلام کا ایک اہم رکن ہے اور رمضان المبارک مسلمانوں کے لیے روزے رکھنے کا مہینہ ہے۔<br>• عیدین اور دیگر اسلامی تہواروں کے متعلق جان سکیں۔ | • پانچ ارکان اسلام کے بارے میں اجمالی طور پر جان سکیں اور ان کی اہمیت وفضیلت سے آگاہ ہوتے ہوئے اپنی زندگی میں ان کی پابندی کر کے اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کر سکیں۔<br>• اللہ تعالیٰ کی بندگی اور اطاعت واتباع رسول صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی اہمیت وفرضیت جان کر اپنی زندگی میں ان پر عمل پیرا ہو سکیں۔ | • اسلامی عبادات کے بارے میں جان سکیں۔<br>• اسلامی عبادات کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں اور ان کی معاشرتی اہمیت واثرات کو سمجھ کر اُن پر عمل پیرا ہو کر سکیں۔<br>• اسلامی عبادات (طہارت وپاکیزگی، کلمہ شہادت، نماز، روزہ، زکوۃ، حج وغیرہ) کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنے کی کوشش کر سکیں۔<br>• اللہ تعالیٰ کی بندگی کی اہمیت سمجھ کر خشیت، اخلاص اور ذوق وشوق کے ساتھ عبادت کر سکیں۔ |

۳

## ۔ جزو(Strand): سیرتِ طیّبہ

### معیار(Standard)

اپنے دلوں میں حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی محبت اور ادب پیدا کرتے ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی سیرتِ طیّبہ کے ہر پہلو سے آگاہی حاصل کریں اور یہ جان لیں کہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم خاتم النبیین ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی سیرت پر عمل کرنا ہی دنیا وآخرت کی کامیابی کا ضامن ہے۔

| حدود تدریج/تدریس (Benchmarks اول ودوم) | حدود تدریج/تدریس (Benchmarks سوم تا پنجم) | حدود تدریج/تدریس (Benchmarks ششم تا ہشتم) |
|---|---|---|
| • حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی ولادتِ مبارکہ اور گھرانے کے متعلق جان سکیں۔<br>• حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی سیرت طیبہ کی روشنی میں اخلاقِ حسنہ کے پہلوؤں کے متعلق جان سکیں اور ان پر عمل کر سکیں۔<br>• یہ سمجھ سکیں کہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی سیرت طیبہ اور تعلیمات کی پیروی کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔<br>• یہ سمجھ سکیں کہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے محبت ایمان کا لازمی جزو ہے۔ | • حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی ولادت مبارکہ سے لے کر غزوات تک سیرت طیبہ کے واقعات سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• ایمان وعقیدت کے ساتھ سنتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی اتباع کرتے ہوئے روزمرہ زندگی میں رہنمائی حاصل کر سکیں۔ | • ایمان اور محبت کے ساتھ سنتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی اتباع کرتے ہوئے روزمرہ زندگی میں رہنمائی حاصل کر سکیں۔<br>• حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی سیرتِ طیبہ کے واقعات (غزوات سے لے کر وصال تک) سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• نبی اکرم صلی اللہ علیہ والہ واصحابہ وسلم کی صفات حسنہ (تواضع، بردباری اور عفو ودرگزر) سے آگاہ ہو کر انہیں اپنی زندگی میں اپنا سکیں۔<br>• حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ کے مختلف پہلوؤں (بطور سربراہ خاندان، بطور سیاسی مدبر اور سپہ سالار) سے آگاہی حاصل کر کے اس سے رہنمائی حاصل کر سکیں۔ |

## ۴۔ جزو(Strand): اخلاق وآداب

## معیار(Standard)

اسلامی تعلیمات کی روشنی میں اخلاقِ حسنہ اور اچھی عادات سے واقفیت حاصل کر کے اپنی عملی زندگی میں ان کا اطلاق کریں۔

| حدود تدریج/تدریس (Benchmarks) اول و دوم | حدود تدریج/تدریس (Benchmarks) سوم تا پنجم | حدود تدریج/تدریس (Benchmarks) ششم تا ہشتم |
| --- | --- | --- |
| • قرآن و سنت کی روشنی میں اخلاقِ حسنہ اور اسلامی آداب زندگی کے متعلق جان سکیں۔<br>• یہ سمجھ سکیں کہ تمام انسان اور جانور اللہ تعالیٰ کی تخلیق ہیں اور انھیں سب کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنا چاہیے۔ | • قران و سنت کی روشنی میں اخلاقِ حسنہ جیسے دیانت داری، سچائی، ایفائے عہد اور عفو و در گزر وغیرہ کے متعلق جان کر اپنی زندگی میں لاگو کر سکیں۔<br>• اچھی صفات کو اپنا کر ایک مثالی مسلمان بن کر معاشرے کی خدمت کر سکیں۔ | • قرآن و سنت کی روشنی میں صداقت و امانت، صبر و تحمل، میانہ روی، نظم وضبط، سخاوت و ایثار اور مساوات جیسے اعلیٰ اخلاق و اقدار کو اپنا سکیں اور روز مرہ زندگی میں ان پر عمل پیرا ہو سکیں۔<br>• اسلامی تعلیمات کی روشنی میں آدابِ زندگی مثلاً گفتگو کے آداب، مجلس، کھانے پینے، تعلیم و تعلم اور قومی املاک و وسائل کے استعمال کے آداب کو سمجھ کر ایک مثالی اسلامی معاشرے کی بنیاد رکھ سکیں۔<br>• بُری عادات مثلاً چوری، ریاکاری، نمود و نمائش اور حرص ولالچ سے اجتناب کر سکیں اور معاشرے میں ان کے منفی اثرات سے بخوبی واقف ہو سکیں۔ |

## ۵۔ جزو(Strand): حسنِ معاملات و معاشرت

## معیار(Standard)

باہمی تعلقات اور معاملات میں اسلامی تعلیمات سے آگاہ ہوں اور قومی و بین الاقوامی معاملات میں ان سنہری اصولوں پر عمل کریں۔

| حدود تدریج/تدریس (Benchmarks) اوّل و دوم | حدود تدریج/تدریس (Benchmarks) سوم تا پنجم | حدود تدریج/تدریس (Benchmarks) ششم تا ہفتم |
| --- | --- | --- |
| نوٹ: جزو (Strand) حسنِ معاملات و معاشرت جماعت اوّل و دوم میں شامل نہیں ہیں۔ | • حقوق و فرائض کے متعلق اسلامی تعلیمات کی اہمیت سے اجمالی طور واقف ہو سکیں۔<br>• ان پر عمل پیرا ہو کر ایک مثالی مسلمان، محبِ وطن اور ذمہ دار شہری بن سکیں۔<br>• روز مرہ زندگی میں اپنے تمام معاملات اسلامی تعلیمات کے مطابق خوش اسلوبی سے سرانجام دینے کی عادت اپنا سکیں۔ | • قرآن و سنت کی روشنی میں حسنِ معاملات و معاشرت مثلاً عدل و احسان، کسبِ حلال، قانون کا احترام، امن و سلامتی، امر بالمعروف و نہی عن المنکر اور اتحاد ملی کو سمجھ کر عمل پیرا ہو سکیں۔<br>• حقوق العباد سے منسلک فرائض کے متعلق اسلامی تعلیمات اور اُن کی اہمیت سے واقف ہو سکیں تا کہ روز مرہ زندگی میں ان پر عمل پیرا ہو سکیں اور ایک مثالی مسلمان بن کر معاشرے کی خدمت کر سکیں۔ |

**۶۔ جزو (Strand): ہدایت کے سر چشمے اور مشاہیر اسلام**

**معیار (Standard)**

انبیاء کرام علیہم السلام، اہل بیت اطہار، ازواجِ مطہرات، صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین، مشاہیرِ اسلام اور صوفیائے کرام کی پاکیزہ زندگیوں سے آگاہ ہوں اور عملی زندگی میں ان کی پیروی کریں۔

| حدِ تدریج/تدریس (Benchmarks) (اوّل و دوم) | حدِ تدریج/تدریس (Benchmarks) (سوم تا پنجم) | حدِ تدریج/تدریس (Benchmarks) ششم تا ہفتم |
| --- | --- | --- |
| • انبیائے کرام علیہم السلام (حضرت آدم علیہ السلام، حضرت نوح علیہ السلام، حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت موسیٰ علیہ السلام، حضرت داؤد علیہ السلام اور حضرت | • انبیاء کرام علیہم السلام (حضرت آدم علیہ السلام، حضرت نوح علیہ السلام، حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت موسیٰ علیہ السلام، حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور حضرت | • مشاہیرِ اسلام کی حیاتِ طیبہ کے بارے میں جان سکیں۔<br>• اسلام کی مشہور شخصیات کی دینی اور روحانی خدمات کو جان کر اُن کی قابلِ رشک |

| | | |
|---|---|---|
| عیسیٰ علیہ السلام) کا مختصر تعارف جان سکیں ۔<br>• یہ جان لیں کہ حضرت آدم علیہ السلام اللہ کے پہلے نبی ہیں اور حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے بعد کبھی کوئی نبی نہیں آئے گا۔ | داؤد علیہ السلام) کی حیاتِ طیبہ اور ان کے اوصاف سے واقف ہو سکیں۔<br>• خلفائے راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنھم کے حالاتِ زندگی، دینی خدمات اور سیرت و کردار کو اجمالی طور پر جان کر انہیں مشعلِ راہ بنا کر دنیا و آخرت کی کامیابی حاصل کر سکیں | زندگیوں سے رہنمائی حاصل کر سکیں نیز مسلمانوں کی عظمت کی بحالی کا شعور اُجاگر ہو سکے۔<br>• اہلِ بیت اطہار، ازواجِ مطہرات، صحابہ کرام رضی اللہ عنھم اور صوفیائے کرامؒ کی پاکیزہ زندگیوں سے آگاہ ہو سکیں نیز اُن کی اتباع کا ذوق پیدا ہو سکے۔ |

**جزو (Strand): اسلامی تعلیمات اور عصرِ حاضر کے تقاضے**

**معیار (Standard)**

اسلامی تہذیب و تمدن کے خدّ و خال کی پہچان کرتے ہوئے عصرِ حاضر کے مسائل (قومی اور بین الاقوامی) کے حل میں اپنا کردار ادا کر سکیں اور اس کی کی روح کو فخر کے ساتھ اپناتے ہوئے عصرِ حاضر کے مسائل کا حل تلاش کر سکیں اور اسے دنیا و آخرت کی کامیابی کا ذریعہ سمجھیں۔ وطنِ عزیز پاکستان میں اسلامی، اخلاقی اور روحانی اقدار و روایات کو فروغ دے سکیں نیز یہ کہ غم و خوشی کے موقعوں پر اسلامی و غیر اسلامی تہذیب میں امتیاز کر سکیں۔

| **حدِ تدریج/تدریس (Benchmarks) (اوّل و دوم** | **حدِ تدریج/تدریس (Benchmarks) (سوم تا پنجم** | **حدِ تدریج/تدریس (Benchmarks) ششم تا ہشتم** |
|---|---|---|
| **نوٹ:** جزو (Strand) اسلامی تعلیمات اور عصرِ حاضر کے تقاضے جماعت اوّل و دوم میں شامل نہیں ہیں۔ | • قدرت کے خوبصورت مظاہر (پانی اور پودوں) کی اہمیت، استعمال اور حفاظت کے بارے میں اسلامی تعلیمات جان کر ان پر عمل کر سکیں۔<br>• ''صفائی نصف ایمان ہے'' اس حدیث کے پیشِ نظر اسلامی تہذیب کی خصوصیات | • اسلامی تعلیمات کی روشنی میں عصرِ حاضر میں علم کی ضرورت و اہمیت کو سمجھتے ہوئے علم کے حصول کے لیے کوشاں ہو سکیں۔<br>• ناگہانی آفات میں اور ماحول کی بہتری کے لیے ملک و قوم کی خدمت میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ |

| | | |
|---|---|---|
| | اپناتے ہوئے ماحول کو صاف رکھنے میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ | ● اسلامی تعلیمات کی روشنی میں عصرِ حاضر میں ذرائع ابلاغ کے استعمال کے آداب سے آگاہ ہو کر ان سے استفادہ کر سکیں۔ |

## حاصلاتِ تعلّم اور مجوّزہ سرگرمیاں برائے جماعت ششم

### 1۔ قرآن مجید و حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

| نمبر شمار | موضوعات و ذیلی موضوعات | حاصلاتِ تعلم | مجوزہ سرگرمیاں |
|---|---|---|---|
| الف | ترجمہ قرآن | • ترجمۂ قرآن مجید (بمطابق ضمیمہ) میں شامل سورتوں کا مفہوم سمجھ سکیں۔<br>• ان سورتوں میں بیان کردہ تعلیمات پر عمل کر سکیں۔ | • طلبہ کو مختلف گروہوں میں تقسیم کر کے مطالعہ قرآن مجید میں پڑھی گئی سورتوں کے اہم نکات کی فہرست بنوائیں۔ |
| ب | حفظِ قرآن مجید | • سورۃ الھُمَزَۃ، سورۃ العَصْر، سورۃ التکاثُر، سورۃ القَارِعَۃُ، سورۃ العٰدِیٰت، سورۃ الزِّلْزَال کو درست تجوید کے ساتھ حفظ کر سکیں۔<br>• ان سورتوں کو نماز اور نماز کے علاوہ زبانی پڑھ سکیں۔ | • مقابلہ حسن قرأت کروایا جائے اور بہترین قرأت کرنے والے کی حوصلہ افزائی کی جائے۔<br>• دی گئی سورتوں کو زبانی یاد کریں اور جماعت میں ایک دوسرے کو سنائیں۔<br>• تجوید کے اصولوں پر مبنی آڈیو یا ویڈیو ریکارڈنگ طلبہ کو سنوائی جائے اور طلبہ سنتے ہوئے اس کی مشق کریں۔ |
| ج | حفظ و ترجمہ | • سورۃ الاَعۡرَاف: 23، سورۃ نُوح: 71، تیسرا کلمہ مع ترجمہ حفظ کر سکیں۔<br>• دی گئی قرآنی دعاؤں اور کلمات کو یاد کر سکیں اور ان کے معنی و مفہوم کو جان سکیں اور ان دعاؤں کو اپنی روز مرہ زندگی، بالخصوص نماز میں پڑھ سکیں۔ | • طلبہ دی گئی دعائیں اور کلمات کی خطاطی {کیلیگرافی} کریں اور ترجمہ خوشخط لکھیں۔<br>• طلبہ متعلقہ مواقع پر دعائیں پڑھنے کا عملی مظاہرہ کریں۔ |
| د | حدیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم | • سات مختصر صحیح احادیث - بمطابق ضمیمہ - یاد کر سکیں۔<br>• ان احادیث کو سمجھ کر روز مرہ زندگی میں ان کی تعلیمات پر عمل کر سکیں۔ | • طلبہ اپنا جائزہ لیں کہ وہ دی گئی احادیث کی تعلیمات میں سے کن کن پر عمل کرتے ہیں، فہرست بنائیں۔ |

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات | حاصلاتِ تعلم | مجوزہ سر گرمیاں |
| --- | --- | --- | --- |
| | | | • احادیث کو زبانی یاد کریں اور روزانہ ان کو پڑھنے کا معمول بنائیں۔ |
| ہ | دعائیں | • ۔حفاظت کی دُعا(**بسم الله الذی لا یضر مع اسمہ شیء فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم)**<br>• ۔مریض کی عیادت کی دعا<br>• ۔مرض سے بچنے کی دعا<br>• ان دعاؤں کو یاد کر کے اپنی روزمرہ زندگی میں پڑھنے کے عادی ہوسکیں۔ | • دعاؤں کا چارٹ بنا کر کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔<br>• طلبہ دی گئی دعاؤں کی اہمیت اور فضیلت کے بارے میں آپس میں گفتگو کریں۔ |

## 2۔ایمانیات و عبادات

### الف: ایمانیات

| نمبر شمار | موضوعات و ذیلی موضوعات | حاصلاتِ تعلم | مجوزہ سر گرمیاں |
|---|---|---|---|
| الف | توحید کی اہمیت اور اثرات | قرآن و سنت کی روشنی میں:<br>• عقیدہ توحید کے معنی و مفہوم کو سمجھ سکیں۔<br>• اسلامی تعلیمات میں عقیدہ توحید کی اہمیت سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• توحید کے دلائل جان سکیں۔<br>• عقیدہ توحید کے حقیقی تصور کو سمجھ کر توحید اور شرک میں فرق جان سکیں۔<br>• عقیدہ توحید کے اثرات سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• عقیدہ توحید کے تقاضوں کے مطابق اپنی زندگی گزار سکیں۔ | • توحید کے موضوع پر اسلامی کتب کی مدد سے قرآن مجید کی دو آیات اور دو احادیث مع ترجمہ تلاش کر کے لکھیں۔<br>• روزمرہ زندگی میں توحید کے تقاضے ہم کیسے پورے کر سکتے ہیں، جماعت میں اس کا تذکرہ کریں۔ |
| ب | نبوت و رسالت | قرآن و سنت کی روشنی میں:<br>• عقیدۂ نبوت و رسالت کے معنی و مفہوم اور اہمیت کو سمجھ سکیں۔<br>• انبیاء کرام کی بعثت کا مقصد جان سکیں۔<br>• نبی اور رسول کا فرق جان سکیں۔<br>• انبیاء کرام کی مشترکہ تعلیمات سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• عقیدہ ختمِ نبوت کو سمجھ کر اس پر اپنا ایمان پختہ کر سکیں۔<br>• سنتِ نبوی کی اہمیت اور شرعی حیثیت کو جان سکیں۔<br>• حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے اسوۂ حسنہ کے مطابق اپنی زندگیاں ڈھال سکیں۔ | • طلبہ قرآن مجید میں مذکور انبیاء کرام علیہم السلام کے ناموں کی فہرست بنائیں۔<br>• چند انبیاء کرام علیہم السلام کی دُعاؤں کا چارٹ بنا کر آویزاں کریں۔<br>• طلبہ کتب کی مدد سے چند انبیاء کرام علیہم السلام کے معجزات تلاش کر کے لکھیں |

### ب: عبادات

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات | حاصلاتِ تعلم | مجوزہ سرگرمیاں |
|---|---|---|---|
| الف | کلمۂ شہادت | • اسلام میں عبادت کا تصور اور اس کی اہمیت جان سکیں۔<br>• یہ جان سکیں کہ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو اپنی عبادت کے لیے پیدا کیا ہے۔<br>• ارکان اسلام کی اہمیت سمجھ سکیں۔<br>• کلمہ شہادت کے مفہوم سے واقف ہو سکیں۔<br>• اسلام میں کلمہ شہادت کی اہمیت وفضیلت جان سکیں۔<br>• کلمہ شہادت میں موجود تعلیمات سے واقف ہو سکیں۔<br>• کلمہ شہادت کی اصل روح کو سمجھ کر عملی زندگی میں اس کے تقاضے پورے کر سکیں۔ | • چارٹ پر کلمہ شہادت مع ترجمہ خوشخط لکھ کر آویزاں کریں۔<br>• کلمہ شہادت کی فضیلت پر دو مستند احادیث تلاش کر کے لکھیں۔ |
| ب | طہارت وپاکیزگی | • طہارت وپاکیزگی کا معنیٰ ومفہوم جان سکیں۔<br>• طہارت وپاکیزگی کی اہمیت وفضیلت سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• طہارت وپاکیزگی کی مختلف صورتیں اور ان کے احکام کو سمجھ سکیں۔<br>• طہارت وپاکیزگی کے ظاہری اور باطنی تصور سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• عملی زندگی میں طہارت کے فوائد اور ثمرات سے استفادہ کر سکیں۔ | • طہارت وپاکیزگی کی اہمیت کے بارے میں سبق میں دی گئی احادیث کے علاوہ کوئی دو احادیث تلاش کر کے لکھیں۔<br>• اسلامی تعلیمات کی روشنی میں طہارت وپاکیزگی کے لیے پانی کے صحیح استعمال پر جماعت میں مباحثہ کروایا جائے۔ |
| ج | نماز کی فرضیت واہمیت | • نماز کی فرضیت واہمیت جان سکیں۔<br>• نماز کی فضیلت اور آداب سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• نماز کی شرائط، فرائض اور سنت کے بارے میں جان سکیں۔<br>• باجماعت نماز کی اہمیت اور اس کے ثمرات سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• نماز کے روحانی اور جسمانی فوائد سمجھ سکیں۔<br>• نماز کی فرضیت اور فوائد کو سامنے رکھتے ہوئے اپنی عملی زندگی میں نماز کی پابندی کرنے والے بن سکیں۔ | • طلبہ گھروں میں اپنے والدین سے نماز کی ادائیگی کا عملی طریقہ سیکھیں۔<br>• طلبہ نماز کا گوشوارہ بنائیں اور روزانہ پانچ نمازوں کی ادائیگی کا ریکارڈ رکھیں۔<br>• نماز کے فرائض اور سنتوں پر مشتمل چارٹ بنائیں۔ |

## 3۔ سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات | حاصلاتِ تعلم | مجوزہ سرگرمیاں |
|---|---|---|---|
| الف | نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی محبت و اطاعت | • یہ سمجھ سکیں کہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے محبت و عشق رکھنا ایمان کا لازمی جزو ہے۔<br>• یہ جان سکیں کہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی اطاعت ہر مسلمان پر فرض ہے۔<br>• حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے کمالات عالیہ کو سمجھ کر سیرتِ طیبہ کی پیروی کر سکیں۔<br>• حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی محبت کے جذبے سے سرشار ہو کر اخلاق حسنہ کو اپنا سکیں۔<br>• روزمرہ زندگی کے معمولات میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی اطاعت کرتے ہوئے محبت کے تقاضے پورے کر سکیں۔ | • گروپ کی صورت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے اخلاقِ حسنہ کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کریں۔<br>• "آپ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی اطاعت ،حبِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا تقاضا ہے" کے عنوان پر کسی مہمان مقرر سے تقریر کروائی جائے۔ |
| ب | غزوۂ بدر | • اسلامی تاریخ میں غزوات کا پس منظر اور اہمیت جان سکیں۔<br>• غزوۂ بدر کا پس منظر، اسباب، اور تیاری کے بارے میں جان سکیں۔<br>• غزوۂ بدر کے واقعات سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• غزوۂ بدر کے موقع پر رونما ہونے والے معجزات کے بارے میں جان سکیں۔<br>• غزوۂ بدر کے جنگی قیدیوں کے ساتھ حسنِ سلوک اور تعلیم کی اہمیت سمجھ سکیں۔<br>• غزوۂ بدر کے نتائج اخذ کر سکیں۔<br>• غزوۂ بدر کے مثبت نتائج کے باعث مسلمانوں کو حاصل ہونے والے دینی، معاشی اور سیاسی فوائد کا جائزہ لے سکیں۔ | • نقشے کی مدد سے غزوۂ بدر کے اہم واقعات طلبہ کو سمجھائیں۔<br>• طلبہ غزوۂ بدر کے بارے میں چارٹ بنائیں جس پر تمام معلومات (فریقین، تعداد، اہم افراد، سامان، شہداء، مقتولین وغیرہ) ترتیب سے درج کریں۔<br>• غزوۂ بدر کے جنگی قیدیوں کے ساتھ حسنِ سلوک اور تعلیم کی اہمیت پر مذاکرہ کا اہتمام کریں۔ |
| ج | غزوۂ اُحد | • غزوۂ احد کا پس منظر، اسباب اور جنگی تیاری کے بارے میں جان سکیں۔<br>• غزوۂ احد میں رونما ہونے معجزات اور واقعات سے آگاہ ہو سکیں۔ | • طلبہ غزوۂ احد کے بارے میں چارٹ بنائیں جس پر تمام معلومات (فریقین، تعداد، اہم |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | • غزوۂ احد کے موقع پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی خاص ہدایات پر عمل پیرا ہونے کے فوائد اور عمل پیرا نہ ہونے کے نقصان کے بارے میں جان سکیں۔<br>• غزوۂ احد کے شھداء کے بارے میں جان سکیں۔<br>• غزوۂ احد کے نتائج واثرات سمجھ سکیں۔<br>• غزوۂ احد کے نتائج کے باعث مسلمانوں کو حاصل ہونے والے دینی اور سیاسی فوائد کا جائزہ لے سکیں۔ | افراد، سامان، شہداء، مقتولین وغیرہ) ترتیب سے درج کریں۔<br>• نقشے کی مدد سے غزوۂ احد کے اہم واقعات طلبہ کو سمجھائیں۔<br>• غزوۂ اُحد کے پسِ منظر میں اطاعت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی اہمیت پر گفتگو کریں |
| د | غزوۂ خندق | • غزوۂ خندق کا پس منظر اور اسباب کے بارے میں جان سکیں۔<br>• غزوۂ خندق کے سلسلے میں ہونے والی مشاورت اور جنگی تیاریوں کے بارے میں جان سکیں۔<br>• غزوۂ خندق کے واقعات اور رونما ہونے والے معجزات سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• غزوۂ خندق کے نتائج واثرات سمجھ سکیں۔<br>• غزوۂ خندق کے بعد ہونے والے غزوہ بنی قریظہ کے بارے میں جان سکیں۔<br>• غزوۂ خندق کے مثبت نتائج کے باعث مسلمانوں کو حاصل ہونے والے دینی، معاشی اور سیاسی فوائد کا جائزہ لے سکیں۔ | • طلبہ غزوۂ خندق کے بارے میں چارٹ بنائیں جس پر تمام معلومات (فریقین، قبائل، تعداد، اہم افراد، سامان، دورانیہ، شہداء، مقتولین وغیرہ) ترتیب سے درج کریں۔<br>• مذکورہ تینوں غزوات کا تقابلی چارٹ بنائیں۔ |
| ہ | صلح حدیبیہ | • صلح حدیبیہ کا پس منظر اور اسباب کے بارے میں جان سکیں۔<br>• صلح حدیبیہ کے واقعات سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• بیعتِ رضوان اور اس کے پس منظر سے واقف ہو کر حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالی کی عظمت کے بارے میں جان سکیں۔<br>• صلح حدیبیہ کی شرائط کے بارے میں جان سکیں۔<br>• صلح حدیبیہ کے مثبت نتائج کے باعث مسلمانوں کو حاصل ہونے والے دینی، معاشی اور سیاسی فوائد کا جائزہ لے سکیں۔ | • سعودی عرب کے نقشے میں حدیبیہ کے مقام کی نشان دہی کریں۔<br>• گزشتہ جماعتوں میں سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم پر مشتمل پڑھائے گئے اسباق کا اعادہ کروانے کے لیے سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے واقعات کو ترتیبِ زمانی میں لکھیں۔<br>• صلح حدیبیہ کے مثبت نتائج کو سمجھتے ہوئے طلبہ کے درمیان صلح کروانے کا عملی مظاہرہ کروائیں۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| و | حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم حیثیت سربراہِ خاندان | • حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی محبت اور اطاعت کے جذبے سے سرشار ہو کر سیرتِ طیبہ سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی گھریلو زندگی کے بارے میں جان سکیں۔<br>• حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی سیرت بطور شفیق باپ سے واقف ہو سکیں۔<br>• حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی سیرت بطور مثالی شوہر جان سکیں۔<br>• روزمرہ زندگی کے معمولات میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی گھریلو زندگی کے روشن پہلوؤں سے سبق حاصل کر سکیں۔ | • حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ و آلہ واصحابہ وسلم کی حیاتِ طیبہ سے بحیثیت سربراہِ خاندان واقعات کا تذکرہ کریں۔<br>• حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ و آلہ واصحابہ وسلم کے گھریلو معمولات کی فہرست بنائیں۔ |

## 4۔اخلاق وآداب

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات | حاصلاتِ تعلم | مجوزہ سرگرمیاں |
|---|---|---|---|
| الف | صداقت وامانت | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• صداقت وامانت کے معنی ومفہوم کو جان سکیں۔<br>• صداقت وامانت کی اہمیت وفضیلت سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے اُسوہ حسنہ کی روشنی میں صداقت وامانت سے متعلق آپ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے طرز عمل کو سمجھ سکیں۔<br>• روزمرہ زندگی کے معاملات میں صداقت وامانت کے فوائد و ثمرات سمجھ سکیں۔<br>• اپنی عملی زندگی میں صداقت وامانت جیسی صفات اختیار کر سکیں۔ | • اپنی روزمرہ زندگی میں اِن صفات پر کس طرح عمل پیرا ہوتے ہیں نیز اپنی عملی زندگی سے صداقت وامانت کے واقعات بتائیں۔<br>• صداقت وامانت کے حوالے سے کوئی خاکہ پیش کیا جائے۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | صبر و تحمل | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>● صبر و تحمل کے معنی و مفہوم جان سکیں۔<br>● صبر و تحمل کی اہمیت وفضیلت سے آگاہ ہوسکیں۔<br>● سیرتِ طیبہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اور اسوہ صحابہ رضی اللہ عنہم کی روشنی میں صبر و تحمل کی مثالوں سے سبق حاصل کر سکیں۔<br>● روزمرہ معاملات میں صبر و تحمل اختیار نہ کرنے کے نقصانات کا جائزہ لے سکیں۔<br>● عملی زندگی میں صبر و تحمل کے معاشرتی فوائد و ثمرات سے آگاہ ہو کر استفادہ کر سکیں۔ | ● رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے اُسوہ حسنہ سے صبر و تحمل کے دو ایسے واقعات سنائیں جو سبق میں شامل نہ ہوں۔<br>● روزمرہ زندگی میں جن موقعوں پر آپ نے صبر و تحمل کا مظاہرہ کیا، ان کی فہرست بنائیں۔ |
| | آدابِ زندگی<br>(گفتگو، مجلس، کھانے پینے) | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>● اسلامی اخلاق وآداب کی اہمیت وفضیلت سے واقف ہوسکیں۔<br>● گفتگو، مجلس اور کھانے پینے کے آداب سے آگاہ ہوسکیں۔<br>● گفتگو، مجلس اور کھانے پینے کے آداب پر عمل کر کے ان کے فوائد و ثمرات سے مستفید ہوسکیں۔<br>● روزمرہ زندگی میں ان آداب کو ترک کرنے کی وجہ سے پیدا ہونے والی خرابیوں کو سمجھ سکیں۔<br>● ان آداب پر عمل کر کے مہذب شہری کی خصوصیات اپنا سکیں۔ | ● طلبہ کو تین گروہوں میں تقسیم کیا جائے اور ہر گروہ آدابِ زندگی کے کسی ایک مذکورہ موضوع پر مکالمہ کروایا جائے۔<br>● طلبہ جماعت میں بتائیں کہ وہ روزمرہ میں کون کون سے آدابِ زندگی (گفتگو، مجلس، کھانے پینے) پر کتنا عمل کرتے ہیں۔<br>● کھانے پینے کے آداب گھر میں کھانے کی جگہ پر آویزاں کریں۔ |
| | بری عادات سے اجتناب<br>(چوری) | قرآن وحدیث کی روشنی میں:<br>● چوری کا مفہوم جان سکیں۔<br>● اسلام میں چوری کی مذمت اور وعید کو جان سکیں۔<br>● چوری کے دنیوی اور اخروی نقصانات سے آگاہ ہوسکیں۔<br>● چوری کے معاشرے پر برے اثرات سے واقف ہوسکیں۔<br>● روزمرہ زندگی میں چوری کی مختلف صورتوں اور مثالوں کو سمجھ سکیں۔<br>● چوری کو معاشرتی برائی سمجھتے ہوئے اس سے اجتناب کر سکیں۔ | ● طلبہ سے جماعت میں چوری سے اجتناب پر رول پلے کروایا جائے۔<br>● طلبہ چوری کرنے کے نقصانات کی فہرست بنائیں اور جماعت میں بتائیں۔<br>● طلبہ روزمرہ زندگی میں چوری کی مختلف صورتوں پر مشتمل چارٹ بنا کر جماعت میں آویزاں کریں۔ |

## 5۔اہلیت۔ حسنِ معاملات و معاشرت

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات | حاصلاتِ تعلم | مجوزہ سرگرمیاں |
|---|---|---|---|
| ا | حقوق العباد<br><br>(والدین اور رشتہ داروں کے حقوق) | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• حقوق العباد کا معنی اور مفہوم جان سکیں۔<br>• حقوق العباد کی اہمیت وفضیلت کو سمجھ سکیں۔<br>• والدین اور بہن بھائیوں کے حقوق سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• رشتہ داروں کے حقوق سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• اسلام میں صلہ رحمی کی فضیلت سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• اپنی عملی زندگی میں والدین کی خدمت اور فرمان برداری کو فضیلت کو سمجھتے ہوئے اسے اپنا شعار بنا سکیں۔<br>• رشتہ داروں سے صلہ رحمی کی اہمیت کو جان کر اس پر عمل کر سکیں۔<br>• رشتہ داروں سے قطع تعلقی کی ممانعت کو جان کر اس سے اجتناب کرنے والے بن سکیں۔ | • طلبہ جائزہ لیں کہ وہ اپنے والدین کی خدمت کس کس انداز میں کرتے ہیں اور اس کا تذکرہ جماعت میں کریں۔<br>• رشتہ داروں کے حقوق پر مشتمل دو احادیث (متن کے علاوہ) تلاش کر کے چارٹ پر تحریر کرتے ہوئے اُن کے موضوع پر آپس میں تبادلہِ خیال کریں۔<br>• والدین کے حقوق پر ایک تقریری مقابلہ کروایا جائے۔ |
| ب | عدل واحسان | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• عدل واحسان کا معنی اور مفہوم جان سکیں۔<br>• عدل واحسان کی اہمیت وفضیلت سے واقف ہو سکیں۔<br>• ریاستِ مدینہ میں اسوہ حسنہ اور اسوہ صحابہ رضی اللہ عنہم کی روشنی میں عدل واحسان کی مثالوں کو سمجھ کر سبق حاصل کر سکیں۔<br>• روزمرہ زندگی میں عدل واحسان کی مختلف صورتوں اور مثالوں کو سمجھ سکیں۔<br>• عدل واحسان کے انفرادی اور معاشرتی اثرات سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• عدل واحسان کی صفت کو اپنا کر ایک مثالی مسلمان اور اچھا انسان بن کر معاشرے کی خدمت کر سکیں۔ | • طلبہ اپنی روزمرہ زندگی میں کسی کے ساتھ کیے گئے احسان کا آپس میں تذکرہ کریں۔<br>• طلبہ روزمرہ زندگی میں عدل واحسان کی مختلف صورتوں پر مشتمل چارٹ بنا کر جماعت میں آویزاں کریں۔ |

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات | حاصلاتِ تعلم | مجوزہ سر گرمیاں |
|---|---|---|---|
| ج | اسلام میں رفاہ عامہ کی اہمیت | قرآن وسنت کی روشنی میں :<br>• رفاہ عامہ کا معنی اور مفہوم جان سکیں۔<br>• رفاہ عامہ کی اہمیت وفضیلت سے واقف ہو سکیں۔<br>• اسوہ حسنہ اور اسوہ صحابہ رضی اللہ عنہم کی روشنی میں رفاہ عامہ کی مثالوں کو سمجھ کر سبق حاصل کر سکیں۔<br>• روز مرہ زندگی میں رفاہ عامہ کی مختلف صورتوں اور مثالوں کو سمجھ سکیں۔<br>• رفاہ عامہ کے انفرادی اور معاشرتی اثرات سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• رفاہ عامہ کے کام کر کے معاشرے کی خدمت کر سکیں۔ | • طلبہ روز مرہ زندگی میں رفاہ عامہ کی مختلف صورتوں پر مشتمل چارٹ بنا کر جماعت میں آویزاں کریں۔<br>• طلبہ رفاہ عامہ کے مختلف کاموں میں عملی شرکت کریں مثلاً پودے لگانا، راستے میں پڑا ہوا پتھر ہٹانا، سڑک پار کرانا وغیرہ۔ |

## 6۔ ہدایت کے سر چشمے اور مشاہیرِ اسلام

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات | حاصلاتِ تعلم | مجوزہ سر گرمیاں |
|---|---|---|---|
| الف | ازواجِ مطہرات رضی اللہ عنھن<br>• حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا<br>• حضرت سودہ رضی اللہ عنہا<br>• حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا | • ازواج مطہرات رضی اللہ عنھن کی شخصیات سے واقف ہو سکیں۔<br>• قرآن مجید کی روشنی میں امہات المومنین رضی اللہ عنھن کے مقام و مرتبہ سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• مذکورہ ازواج مطہرات کی سیرت و کردار اور ان کی دینی خدمات سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• مذکورہ ازواج مطہرات رضی اللہ عنھن کے ذوق علم و عبادت سے واقف ہو کر ان کی خدمات کو جان سکیں۔<br>• ازواجِ مطہرات رضی اللہ عنھن کی گھریلو زندگیوں کے بارے میں جان کر اپنی عملی زندگی کو ان کے اسوہ کے مطابق مثالی بنا سکیں۔ | • مذکورہ ازواج مطہرات رضی اللہ عنھن کی حیاتِ طیبہ پر مشتمل معلوماتی چارٹ بنائیں جن میں ان کے نام، ولدیت، پیدائش، قبیلہ، عمر، مروی احادیث کی تعداد، اولاد، وفات شامل ہوں۔<br>• ازواج مطہرات رضی اللہ عنھن سے متعلق جماعت میں ذہنی آزمائش کا مقابلہ کروائیں۔ |
| ب | حضرت فاطمہ الزہرا رضی اللہ عنہا | • حضرت فاطمہ الزہرا رضی اللہ عنہا کے حالات زندگی جان سکیں۔<br>• آپ رضی اللہ عنہا کی سیرت و کردار سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے محبت کو جان کر اس سے سبق حاصل کر سکیں۔<br>• آپ رضی اللہ عنہا کی صفات، عبادت و ریاضت اور گھریلو زندگی کے روشن پہلوؤں سے آگاہ ہو کر سبق سیکھ سکیں۔ | • حضرت فاطمہ الزہرا رضی اللہ عنہا کے حالات زندگی پر معلوماتی چارٹ تیار کریں۔<br>• "خواتین روزمرہ زندگی کے معاملات میں کس طرح حضرت فاطمہ الزہرا رضی اللہ عنہا کی زندگی سے راہنمائی حاصل کر سکتی ہیں"۔ کسی مہمان مقرر سے تقریر کروانے کا اہتمام کیا جائے۔ |

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات | حاصلاتِ تعلم | مجوزہ سرگرمیاں |
|---|---|---|---|
| | | • آپ رضی اللہ عنہا کی دین اسلام کے لیے خدمات کو سمجھ کر ان کے اسوہ کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنا سکیں۔ | |
| ج | صحابہ کرام رضی اللہ عنہم<br>• حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ،<br>• حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ،<br>• حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ | • عشرہ مبشرہ کا مفہوم جان سکیں۔<br>• مذکورہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے حالات زندگی سے اجمالی طور پر واقف ہو سکیں۔<br>• ان کے اخلاق وصفات سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• ان کی دینی خدمات سے مختصر طور پر آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• ان کی سیرت و کردار کے مختلف پہلوؤں سے سبق حاصل کر سکیں۔ | • طلبہ عشرہ مبشرہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی حیاتِ طیبہ پر مشتمل معلوماتی چارٹ بنائیں جن میں ان کے نام، ولدیت، پیدائش، قبیلہ، عمر، مروی احادیث کی تعداد، اولاد، وفات شامل ہوں ۔<br>• مذکورہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی زندگی اور سیرت و کردار پر ذہنی آزمائش کا مقابلہ کروایا جائے۔ |
| د | • حضرت امام الغزالی رحمۃ اللہ علیہ<br>• حضرت عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ | • حضرت امام الغزالی رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت عبدالقادر جیلانی، حضرت فریدالدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ کے حالات زندگی سے واقف ہو سکیں۔<br>• ان کے اخلاق وصفات سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• اشاعت اسلام میں ان کی خدمات سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• ان کی سیرت و کردار کے مختلف پہلوؤں سے سبق حاصل کر سکیں۔ | • حضرت امام الغزالی رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت عبدالقادر جیلانی کے حالاتِ زندگی پر مشتمل معلوماتی چارٹ بنائیں جن میں ان کے نام، ولدیت، پیدائش، عمر، وفات وغیرہ شامل ہوں ۔<br>• مذکورہ شخصیات کی حالات زندگی اور تعلیمات پر کمرہ جماعت میں مکالمہ کریں۔ |
| ہ | • قتیبۃ بن مسلم | • غلبہ اسلام کے لیے مسلم فاتحین کے کردار سے آگاہ ہو سکیں۔ | • قتیبۃ بن مسلم اور سلطان صلاح الدین ایوبی کے حالاتِ زندگی پر مشتمل معلوماتی چارٹ بنائیں |

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات | حاصلاتِ تعلم | مجوزہ سرگرمیاں |
|---|---|---|---|
| | • سلطان صلاح الدین ایوبی | • سلطان صلاح الدین ایوبی اور قتیبۃ بن مسلم رحمۃ کے حالات زندگی سے اجمالی طور پر واقف ہو سکیں۔<br>• ان کے اخلاق وصفات سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• بیت المقدس کی فتح میں ان کے کردار کو جان سکیں۔<br>• ان کی سیرت وکردار کے مختلف پہلوؤں سے سبق حاصل کر سکیں۔ | جن میں ان کے نام، ولدیت، پیدائش، عمر، وفات وغیرہ شامل ہوں۔<br>• قتیبۃ بن مسلم اور سلطان صلاح الدین ایوبی کی حالات زندگی پر کمرہ جماعت میں ذہنی آزمائش کا م کا مقابلہ کریں۔<br>• قتیبۃ بن مسلم اور سلطان صلاح الدین ایوبی کے مفتوحہ علاقوں کا چارٹ بنائیں۔ |
| و | • محمد بن موسی الخوارزمی<br>• ابن خلدون | • محمد بن موسی الخوارزمی اور ابن خلدون رحمۃ اللہ علیہ کے حالات زندگی سے اجمالی طور پر واقف ہو سکیں۔<br>• ان کی علمی خدمات سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• سائنسی اور عمرانی علوم کے فروغ میں ان کی خدمات سے آگاہی حاصل کر سکیں۔ | • طلبہ مذکورہ شخصیات کے حالاتِ زندگی پر مشتمل معلوماتی چارٹ بنائیں جن میں ان کے نام، ولدیت، پیدائش، عمر، وفات وغیرہ شامل ہوں۔<br>• مذکورہ شخصیات کی حالات زندگی اور علمی سر گرمیوں پر کمرہ جماعت میں ذہنی آزمائش کا مقابلہ کریں۔ |

## 7۔اسلامی تعلیمات اور عصر حاضر کے تقاضے

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات | حاصلاتِ تعلم | مجوزہ سرگرمیاں |
|---|---|---|---|
| الف | ماحول کی حفاظت | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• ماحول کی حفاظت کی اہمیت وفضیلت سے واقف ہو سکیں۔<br>• ماحول کی حفاظت کے مختلف پہلوؤں سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• ہوا، پانی اور زمین کی صفائی کی اہمیت سے واقف ہو سکیں۔<br>• ماحول کی حفاظت میں شجر کاری کی اہمیت سے واقف ہو سکیں۔<br>• اسلام میں صوتی آلودگی (بے جا شور) کی مذمت کو سمجھ سکیں۔<br>• روزمرہ زندگی میں ماحول کی حفاظت میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ | • طلباء اپنے گھر، سکول اور محلے میں صفائی، شجر کاری اور پانی کے بچاؤ کی مہم چلائیں۔<br>• سکول میں اشیاء کو دوبارہ سے قابل استعمال بنانے کا طریقہ کار (ری سائیکلنگ) کی عملی مشقیں کروائی جائیں۔ |
| ب | جانوروں کی اہمیت اور ان کے حقوق | اسلامی تعلیمات کی روشنی میں<br>• جانوروں کی مختلف اقسام (مفید اور مضر، پالتو اور جنگلی) کے بارے میں جان سکیں۔<br>• روزمرہ زندگی میں جانوروں کے استعمال اور فوائد سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• جانوروں سے سلوک کے بارے میں اسلامی تعلیمات جان سکیں۔<br>• جانوروں کے فوائد کو سمجھ کر ان کے حقوق اور تحفظ کا خیال رکھ سکیں۔ | • طلبہ ان حلال جانوروں کی فہرست بنائیں جن کا ذکر قرآن مجید میں ہے۔<br>• طلبہ جانوروں کے حقوق کے بارے میں حدیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم تلاش کریں۔<br>• ہمارے ملک میں جو ادارے جانوروں کے حقوق کے لیے کام کر رہے ہیں، ان کے نام، نوعیت، دائرہ کار اور ذمہ داریوں کے بارے میں معلومات جمع کریں۔ |

## حاصلاتِ تعلّم اور مجوّزہ سر گرمیاں برائے جماعت ہفتم

**قرآن مجید وحدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم**

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات | حاصلاتِ تعلم | مجوزہ سر گرمیاں |
|---|---|---|---|
| الف | ترجمہءقرآن | • قرآن مجید مقررہ سورتوں (بمطابق ضمیمہ) کا مفہوم سمجھ سکیں۔<br>• ان سورتوں کا پس منظر اور ان میں بیان کردہ تعلیمات کو سمجھ سکیں۔<br>• ان سورتوں میں بیان کردہ تعلیمات پر عمل کر سکیں۔ | • طلبہ کو مختلف گروہوں میں تقسیم کر کے مطالعہ قرآن مجید میں پڑھی گئی سورتوں کے اہم نکات کی فہرست بنوائیں۔ |
| ب | حفظِ قرآن مجید | • سورة البينة،سورة القدر ،سورة العلق،سورة التين کو درست تجوید کے ساتھ حفظ کر سکیں۔<br>• ان سورتوں کو نماز میں اور نماز کے علاوہ زبانی پڑھ سکیں۔ | • مقابلہ حسن قرأت کروایا جائے اور بہترین قرأت کرنے والے کی حوصلہ افزائی کی جائے۔<br>• دی گئی سورتوں کو زبانی یاد کریں اور جماعت میں ایک دوسرے کو سنائیں۔<br>• تجوید کے اصولوں پر مبنی آڈیو یا ویڈیو ریکارڈنگ طلبہ کو سنوائی جائے اور طلبہ سنتے ہوئے اس کی مشق کریں۔ |
| ج | حفظ وترجمہ | • سورۃالبقرۃ:۲۸۶،سورۃ طہٰ:۲۵-۲۸،چوتھا کلمہ اور پانچواں کلمہ مع ترجمہ حفظ کر سکیں۔<br>• دی گئی قرآنی دعاؤں اور کلمات کو یاد کر سکیں اور ان کے معنی و مفہوم کو جان سکیں اور ان دعاؤں کو اپنی روزمرہ زندگی، بالخصوص نماز میں پڑھ سکیں۔ | • طلبہ دی گئی دعائیں اور کلمات کی خطاطی {کیلیگرافی} کریں اور ترجمہ خوشخط لکھیں۔<br>• طلبہ متعلقہ مواقع پر دعائیں پڑھنے کا عملی مظاہرہ کریں۔ |

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات | حاصلاتِ تعلم | مجوزہ سرگرمیاں |
|---|---|---|---|
| د | حدیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم | • سات مختصر صحیح احادیث (بمطابق ضمیمہ) یاد کر سکیں۔<br>• ان احادیث کو سمجھ کر روزمرہ زندگی میں ان کی تعلیمات پر عمل کر سکیں۔<br>نوٹ: ترجمہ یاد کرنا لازمی ہے لیکن افضل یہ ہے کہ عربی متن بھی یاد کیا جائے۔ | • طلبہ اپنا جائزہ لیں کہ وہ دی گئی احادیث کی تعلیمات میں سے کن کن پر عمل کرتے ہیں، فہرست بنائیں۔<br>• احادیث کو زبانی یاد کریں اور روزانہ ان کو پڑھنے کا معمول بنائیں۔ |
| ہ | دعائیں | • ۔شیطانی وسوسوں سے بچنے کی دعا<br>• چاند دیکھنے کی دعا<br>• دودھ پینے کی دعا<br>• ۔ان دعاؤں کو یاد کر کے اپنی روزمرہ زندگی میں پڑھنے کے عادی ہو سکیں۔ | • دعاوں کا چارٹ بنا کر کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔<br>• طلبہ دی گئی دعاؤں کی اہمیت اور فضیلت کے بارے میں آپس میں گفتگو کریں۔ |

## 2۔ایمانیات وعبادات

### الف:ایمانیات

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات | حاصلاتِ تعلم | مجوزہ سرگرمیاں |
|---|---|---|---|
| الف | عقیدہ ختم نبوت | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• ختم نبوت کے معنی ومفہوم کو سمجھ سکیں۔<br>• رسالت محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی اہم خصوصیات سے واقف ہو سکیں۔<br>• عقیدہ ختم نبوت اور اس کے تقاضے پورے کرتے ہوئے تبلیغ دین کی اہمیت سے واقف ہو سکیں۔<br>• حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو آخری نبی مانتے ہوئے اس کے عقیدے کو مضبوط کر سکیں۔<br>• عقیدہ ختم نبوت پر قائم رہتے ہوئے اپنی عملی زندگی میں سنت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی پیروی کر سکیں۔ | • ختمِ نبوت کے موضوع پر قرآن مجید کی دو آیات اور دو احادیث مع ترجمہ تلاش کر کے لکھیں۔<br>• جائزہ لیں کہ آپ اپنی روزمرہ زندگی میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی کون کون سی سنتوں پر عمل کرتے ہیں؟ |
| ب | آسمانی کتابوں پر ایمان | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• اس بات کو سمجھ کر ایمان پختہ کریں کہ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی رہنمائی کے لیے اپنے رسولوں پر الہامی کتب اور صحائف نازل کیے ہیں۔<br>• آسمانی کتب اور صحائف کے نزول کا مقصد جان سکیں۔<br>• آسمانی کتب کا آپس میں تعلق سمجھ سکیں اور یہ جان لیں کہ قرآن مجید ہی اللہ تعالیٰ کی آخری اور محفوظ کتاب ہے۔ | • طلبہ ترتیبِ زمانی کے لحاظ سے الہامی کتب اور جن انبیاء کرام علیہم السلام پر یہ کتب نازل ہوئیں ،اُن کے ناموں پر مشتمل چارٹ بنائیں۔<br>• چند انبیاء کرام علیہم السلام کے ناموں کی فہرست بنائیں جن پر صحائف نازل کیے گئے۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | • تمام آسمانی کتب پر ایمان رکھیں اور قرآن مجید کو مکمل ضابطہ حیات سمجھتے ہوئے اس کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو سکیں۔ | |
| | فرشتوں پر ایمان | • فرشتوں کے تصوّر سے واقف ہو سکیں۔<br>• فرشتوں کی تخلیق کا مقصد جان سکیں۔<br>• اللہ تعالیٰ کی نوری مخلوق فرشتوں کے بارے میں جان کر ایمان پختہ کر سکیں۔<br>• فرشتوں کی صفات سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• فرشتوں کی ذمہ داریوں سے واقف ہو سکیں۔ | • کائنات میں سے ایسی نشانیوں کی فہرست بنائیں جس میں فرشتوں کی خدمات کا اظہار ہوتا ہو۔<br>• مشہور فرشتے اور ان کے کاموں کا چارٹ بنائیں۔ |
| **ب: عبادات** | | | |

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات | حاصلاتِ تعلم | مجوزہ سرگرمیاں |
|---|---|---|---|
| الف | روزہ اور اس کی فضیلت | • روزہ کے معنی اور مفہوم سے واقف ہو سکیں۔<br>• قرآن وحدیث کی روشنی میں روزہ کی اہمیت وفضیلت جان سکیں۔<br>• روزہ کے آداب سے واقف ہو سکیں۔<br>• روزہ سے حاصل ہونے والے روحانی اور جسمانی فوائد سے واقف ہو سکیں۔<br>• ماہِ رمضان کی برکتوں بالخصوص نزولِ قرآن، اعتکاف اور شبِ قدر سے واقف ہو سکیں۔ | • ماہِ رمضان کا آغاز ہوتے ہی اس کے آداب واحکام اسمبلی میں بتائے جائیں۔<br>• روزہ رکھنے کی نیت اور روزہ افطار کرنے کی دعا پر مشتمل چارٹ بنائیں۔<br>• رمضان المبارک میں کیے جانے والے مسنون کاموں کی فہرست بنوائیں۔<br>• رمضان المبارک میں سورۃ القدر مع ترجمہ پڑھائی جائے اور چارٹ بنا کر آویزاں کریں۔ |

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات | حاصلاتِ تعلم | مجوزہ سرگرمیاں |
| --- | --- | --- | --- |
| | | • ماہِ رمضان میں عبادات کی فضیلت بالخصوص قیام اللیل، تلاوت قرآن اور صدقہ کی فضیلت کو سمجھ سکیں۔<br>• مکمل دینی آداب کے ساتھ روزہ رکھنے والے بن سکیں۔ | |
| ب | نماز جنازہ اور دیگر نمازیں | • نماز جنازہ کی اہمیت وفضیلت کو جان سکیں۔<br>• نماز جنازہ کے معاشرتی فوائد سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• نماز تہجد، نماز حاجت، نماز اشراق اور نماز چاشت، نماز کسوف اور استسقاء وغیرہ سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• نفلی عبادات ادا کر کے اللہ تعالیٰ کا قرب اور خوشنودی حاصل کر سکیں۔ | • نماز جنازہ میں پڑھی جانے والی دعا اپنے گھر سے سیکھیں۔<br>• مختلف نفلی نمازوں کی فہرست بنائیں۔ |
| | دعا کی اہمیت و فضیلت | • دعا کے لغوی اور اصطلاحی معنی جان سکیں۔<br>• دعا کی اہمیت وفضیلت سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• دعا کے آداب اور اس کی قبولیت کی مختلف صورتوں سے واقف ہو سکیں۔<br>• عبادات میں دعا کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔<br>• ہر حال میں اللہ تعالیٰ سے دعا مانگنے کی عادت کو اپنا سکیں۔ | • دعا کی فضیلت سمجھتے ہوئے اپنی دعا کے قبول ہونے کا کوئی واقعہ سنائیں۔<br>• روزمرہ زندگی میں مختلف مواقع کی مسنون دعاوں کو یاد کر کے پڑھنے کا معمول بنائیں۔ |

### 3۔ سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات | حاصلاتِ تعلم | مجوزہ سرگرمیاں |
|---|---|---|---|
| الف | حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا خلق عظیم | • رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے خلق عظیم کے باری بارے میں جان سکیں۔<br>• رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا خلق عظیم قرآن مجید کی روشنی میں سمجھ سکیں۔<br>• نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی سیرت طیبہ سے خلق عظیم کی مثالیں جان سکیں۔<br>• نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے کردار اور گفتار میں موجود اخلاقی صفات سے واقف ہو سکیں۔<br>• اپنی عملی زندگی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی صفات کو اپنا سکیں۔ | • سیرتِ طیبہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی روشنی میں طلباء جائزہ لیں کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی کن اخلاقی صفات کو اپنانے کی کوشش کرتے ہیں۔<br>• سیرتِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی کُتب سے متن کے علاوہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ واصحابہ وسلم کے خُلقِ عظیم کے واقعات سنائیں۔ |
| ب | فرماں رواؤں کو دعوتِ اسلام | • اسلام میں دعوت و تبلیغ کی ضرورت واہمیت کو جان سکیں۔<br>• خطوطِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے مقصد کے بارے میں جان سکیں۔<br>• جن فرماں رواؤں کو خطوط بھیجے گئے اُن کے بارے میں مختصر طور پر جان سکیں۔<br>• خطوط میں دیے گئے دعوتِ اسلام کے طریقوں کو جان سکیں۔<br>• خطوط میں دیے گئے پیغام کے اثرات کو سمجھ سکیں۔<br>• | • جن فرماں رواؤں کو دعوتِ اسلام کے لئے خطوط لکھے گئے (فرماں رواوں اور اُن کے ممالک کے نام )پر مشتمل فہرست بنائیں۔<br>• طلبہ کے درمیان آپس میں نیکی کی دعوت پر ایک مذاکرہ منعقد کیا جائے۔ |
| ج | غزوۂ خیبر | • غزوۂ خیبر کا پس منظر، اسباب اور جنگی تیاری کے بارے میں جان سکیں۔ | • نقشے کی مدد سے غزوۂ خیبر کے اہم واقعات طلبہ کو سمجھائیں۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | • خیبر کے علاقے کی جغرافیائی حیثیت اور وہاں موجود قلعوں کے بارے میں جان سکیں۔<br>• غزوۂ خیبر میں رونما ہونے معجزات اور واقعات سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• غزوۂ خیبر میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی فضیلت اور شجاعت کے بارے میں جان سکیں۔<br>• اسلام کے عسکری اصولوں سے واقف ہو سکیں۔<br>• غزوۂ خیبر کے نتائج واثرات سمجھ سکیں۔<br>• غزوۂ خیبر کے نتائج کے باعث مسلمانوں کو حاصل ہونے والے دینی، معاشی اور سیاسی فوائد کا جائزہ لے سکیں۔ | • غزوۂ خیبر کے بارے میں چارٹ بنائیں جس پر تمام معلومات ( فریقین، تعداد، اہم افراد، سامان، شہداء، مقتولین وغیرہ) ترتیب سے درج کریں۔ |
| د | معرکۂ موتہ | • معرکۂ موتہ کا پس منظر اور اسباب کے بارے میں جان سکیں۔<br>• معرکۂ موتہ کے سلسلے میں ہونے والی مشاورت اور جنگی تیاریوں کے بارے میں جان سکیں۔<br>• معرکۂ موتہ کے واقعات سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• معرکۂ موتہ کے حوالے سے رونما ہونے معجزات سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• معرکۂ موتہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی فضیلت اور شجاعت کے بارے میں سمجھ سکیں۔<br>• معرکۂ موتہ کے نتائج واثرات سمجھ سکیں۔<br>• معرکۂ موتہ کے نتائج کے باعث مسلمانوں کو حاصل ہونے والے دینی اور سیاسی فوائد کا جائزہ لے سکیں۔ | • طلبہ معرکہ موتہ کے بارے میں چارٹ بنائیں جس پر تمام معلومات (فریقین، تعداد، اہم افراد، سامان، شہداء، مقتولین وغیرہ) ترتیب سے درج کریں۔<br>• نقشے کی مدد سے معرکہ موتہ کے اہم واقعات طلبہ کو سمجھائیں۔ |
| ہ | حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم بطور سیاسی مدبّر | • اسلام اور سیاست کے تعلق کو سمجھ سکیں۔<br>• رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی سیاسی بصیرت سے واقف ہو سکیں۔<br>• ریاستِ مدینہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی سیاسی حکمتِ عملی کے مختلف پہلوؤں سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• ریاستِ مدینہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا فروغِ امن کے اقدامات کا جائزہ لے سکیں۔ | • دورِ حاضر میں قیام کے امن کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سیاسی حکمت عملی سے کیا رہنمائی حاصل کی جاسکتی ہے، مہمان مقرر کو بلا کر تقریر کا اہتمام کیا جائے۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | • رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی سیرت طیبہ سے سیاسی اصول وآداب اخذ کر سکیں۔ | |

## ۴۔اخلاق وآداب

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات | حاصلاتِ تعلم | مجوزہ سرگرمیاں |
|---|---|---|---|
| الف | میانہ روی | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• میانہ روی کے معنی ومفہوم کو جان سکیں۔<br>• میانہ روی کے فوائد سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• اسلامی تعلیمات کی روشنی میں میانہ روی کی اہمیت جان سکیں۔<br>• زندگی کے تمام امور میں میانہ روی اور اعتدال کا راستہ اختیار کر سکیں۔ | • روزمرہ زندگی میں میانہ روی کی مختلف صورتوں کا تذکرہ جماعت میں کریں۔ |
| | سخاوت اور ایثار | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• سخاوت اور ایثار کا معنی ومفہوم جان سکیں۔<br>• سخاوت وایثار میں فرق کر کے اس کی اہمیت سے واقف ہو سکیں۔<br>• سنتِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اور اسوہ صحابہ سے سخاوت وایثار کی مثالیں جان سکیں۔<br>• معاشرتی زندگی میں سخاوت وایثار کے فوائد سمجھ سکیں۔<br>• معاشرتی فلاح وبہبود کے لئے سخاوت وایثار جیسی صفت کو اپنا سکیں۔ | • طلبہ اپنے جیب خرچ میں سے جمع شُدہ رقم کے ذریعے فلاحی کاموں میں اپنا حصہ ڈالیں۔<br>• نشاندہی کریں کہ روزمرہ زندگی میں ایثار کی ضرورت کن کن مواقع پر پیش آتی ہے۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | تعلیم و تعلم کے آداب | قرآن و سنت کی روشنی میں:<br>• تعلیم و تعلم کے مفہوم سے واقف ہو سکیں۔<br>• تعلم کے آداب اسلامی تعلیمات کی روشنی میں سمجھ سکیں۔<br>• کتاب سے محبت اور اس کا احترام جان سکیں۔<br>• استاد کے ادب سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• ان تعلیمات کی روشنی میں ایک باادب طالب علم بن سکیں۔ | • تعلیم اور تعلم کے آداب پر مشتمل چارٹ بنا کر جماعت میں آویزاں کریں۔ |
| | بری عادات سے اجتناب<br><br>ریاکاری اور نمود و نمائش | قرآن و حدیث کی روشنی میں:<br>• ریاکاری اور نمود و نمائش کا مفہوم جان سکیں۔<br>• ریاکاری کی مذمت اور وعید کو جان سکیں۔<br>• ریاکاری کی مختلف صورتوں سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• عملی زندگی میں ریاکاری اور نمود و نمائش سے اجتناب کر سکیں۔ | • عملی زندگی سے مثالیں دیں کہ ہم کس طرح نمود و نمائش اور ریاکاری سے بچتے ہوئے سادگی کو اپنا سکتے ہیں؟<br>• ریاکاری کی مختلف صورتوں کے بارے میں طلباء کے درمیان ایک مکالمہ کروایا جائے۔ |

**5۔ باب پنجم۔ حسنِ معاملات و معاشرت**

| نمبر شمار | موضوعات و ذیلی موضوعات<br>Themes&SubThemes | حاصلاتِ تعلم<br>Students' Learning Outcomes ((SLOs | مجوزہ سرگرمیاں<br>Suggested Activities |
|---|---|---|---|
| الف | حقوق العباد<br><br>(ہمسائے، اساتذہ، دوست، مسافر اور مہمان) | قرآن و سنت کی روشنی میں:<br>• حقوق العباد کی اہمیت کو جان سکیں۔<br>• اساتذہ کی عظمت سے واقف ہو سکیں۔ | • طلبہ جائزہ لیں کہ وہ اپنے اساتذہ کا ادب و احترام کس طرح کرتے ہیں اور اس کا تذکرہ جماعت میں کریں۔ |

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات<br>Themes&SubThemes | حاصلاتِ تعلم<br>Students' Learning Outcomes ((SLOs | مجوزہ سرگرمیاں<br>Suggested Activities |
|---|---|---|---|
| | | • ہمسائیوں کے حقوق کے بارے میں کی گئی تاکید سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• دوستوں اور مسافروں کے ساتھ حسنِ سلوک کرنے والے بن سکیں۔<br>• میزبانی کی فضیلت کو مد نظر رکھتے ہوئے مہمانوں کا اکرام کرنا سیکھیں۔<br>• اپنی عملی زندگی میں حقوق العباد کی فضیلت کو سمجھتے ہوئے اسے اپنا شعار بنا سکیں۔ | • ہمسائے، مسافر اور مہمانوں کے حقوق پر مشتمل دو احادیث (متن کے علاوہ) تلاش کر کے چارٹ پر تحریر کرتے ہوئے اُن کے موضوع پر آپس میں تبادلہِ خیال کریں۔<br>• طلبہ اظہار خیال کریں کہ وہ جماعت اور محلے میں اپنے دوستوں کا خیال کیسے رکھتے ہیں؟ |
| ب | نظم وضبط اور قانون کا احترام | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• نظم وضبط کے معنی ومفہوم جان سکیں۔<br>• نظم وضبط اور قانون کے احترام کی ضرورت واہمیت سے واقف ہو سکیں۔<br>• نظام کائنات اور اسلامی عبادات سے نظم وضبط کا سبق سیکھ سکیں۔<br>• سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اور اسوہء صحابہ سے نظم وضبط اور قانون کے احترام کی مثالوں کو جان سکیں۔<br>• نظم وضبط اور قانون کے احترام کی مختلف مثالوں کو جان سکیں۔<br>• انفرادی اور اجتماعی زندگی میں ان پر عمل کرنے کے فوائد اور ترک کرنے کے نقصانات کو سمجھ سکیں۔<br>• اپنی روزمرہ زندگی میں قانون کے اصولوں کو اپنانے کی کوشش کر سکیں۔ | • طلبہ نظام کائنات اور اسلامی عبادات سے نظم وضبط کی دیگر مثالیں (متن کے علاوہ) تلاش کریں۔<br>• طلبہ کو سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اور اسوہء صحابہ سے نظم وضبط کی دیگر مثالیں (متن کے علاوہ) بتائیں۔<br>• طلباء گروپ کی صورت میں ٹریفک کے قوانین پر مشتمل چارٹ بنا کر کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔<br>• قانون کے احترام میں ٹریفک کے اشارات اور اصولوں سے متعلق اپنے اپنے تجربات پر جماعت میں اظہارِ خیال کریں۔ |

| مجوزہ سرگرمیاں<br>Suggested Activities | حاصلاتِ تعلم<br>Students' Learning Outcomes<br>((SLOs | موضوعات وذیلی موضوعات<br>Themes&SubThemes | نمبر شمار |
|---|---|---|---|
| • مشاہدہ کریں کہ ہمیں کن مواقع پر قانون کے احترام کی ضرورت پیش آتی ہے۔ | | | |
| • طلبہ کسبِ حلال کے مختلف ذرائع پر مشتمل فہرست بنائیں۔<br>• طلبہ جماعت میں کسبِ حلال کے فوائد پر خاکہ پیش کریں۔<br>• طلبہ کسبِ حلال کے فوائد اور کسبِ حرام کے نقصانات پر مشتمل فلیش کارڈز بنائیں۔ | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• کسب حلال کا معنی ومفہوم جان سکیں۔<br>• کسب حلال کی اہمیت وفضیلت سمجھ سکیں۔<br>• اسوہ حسنہ اور اسوہ صحابہ کی روشنی میں کسب حلال کی مثالیں سمجھ سکیں۔<br>• کسب حلال اور کسبِ حرام کے مختلف ذرائع سے واقف ہو سکیں۔<br>• کسبِ حرام کے نقصانات اور کسب حلال کے فوائد وثمرات کا جائزہ لے سکیں۔<br>• کسبِ حلال کے معاشرے پر اثرات کا جائزہ لے سکیں۔ | کسب حلال | ج |
| • قومی املاک ووسائل کی اقسام پر چارٹ بنائیں۔<br>• قومی املاک ووسائل کی اہمیت اور ان کے احکام وآداب پر طلبہ کے مابین مکالمہ کرائیں۔ | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• قومی املاک ووسائل کے بارے میں جان سکیں۔<br>• قومی املاک ووسائل کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔<br>• قومی املاک ووسائل کی حفاظت کے فوائد اور ضیاع کے نقصانات سمجھ سکیں۔<br>• قومی املاک ووسائل کے استعمال کے احکام وآداب جان سکیں۔<br>• سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اور اسوہء صحابہ رضی اللہ عنھم سے امانت داری اور دیانت داری کی مثالیں جان سکیں۔ | قومی املاک ووسائل کے استعمال کے آداب | د |

| مجوزہ سرگرمیاں<br>Suggested Activities | حاصلاتِ تعلم<br>Students' Learning Outcomes<br>((SLOs | موضوعات وذیلی موضوعات<br>Themes&SubThemes | نمبر شمار |
|---|---|---|---|
| | • قومی املاک و وسائل کا استعمال امانت داری اور دیانت داری سے کر سکیں<br>• قومی املاک و وسائل کی حفاظت اور ترقی میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ | | |

**ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام**

| مجوزہ سرگرمیاں | حاصلاتِ تعلم | موضوعات وذیلی موضوعات | نمبر شمار |
|---|---|---|---|
| • مذکورہ ازواج مطہرات رضی اللہ عنھن کی حیاتِ طیبہ پر مشتمل معلوماتی چارٹ بنائیں جن میں ان کے نام، ولدیت، پیدائش، قبیلہ، عمر، مروی احادیث کی تعداد، اولاد، وفات شامل ہوں۔<br>• ازواج مطہرات رضی اللہ عنھن سے متعلق جماعت میں ذہنی آزمائش کا مقابلہ کروائیں۔ | • ازواج مطہرات رضی اللہ عنھن کی شخصیات سے واقف ہو سکیں۔<br>• قرآن مجید کی روشنی میں امہات المومنین کے مقام سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• مذکورہ ازواج مطہرات کی سیرت و کردار اور ان کی دینی خدمات سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• مذکورہ ازواج مطہرات رضی اللہ عنھن کے ذوق علم و عبادت سے واقف ہو کر ان کی خدمات کو جان سکیں۔<br>• ازواج مطہرات رضی اللہ عنھن کی گھریلو زندگیوں کے بارے میں جان کر اپنی عملی زندگی میں ان کے اسوہ کی پیروی کرتے ہوئے اس کو مثالی بنا سکیں۔ | ازواج مطہرات رضی اللہ عنھن<br>• حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا<br>• حضرت زینب بنتِ خزیمہ رضی اللہ عنہا<br>• حضرت امِّ سلمہ رضی اللہ عنہا<br>• حضرت زینب بنتِ جحش رضی اللہ عنہا | الف |
| • حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کے حالات زندگی پر معلوماتی چارٹ تیار کریں۔<br>• حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کی زندگی سے صلح جوئی اور امن کے بارے میں | • حضرت امام حسن رضی اللہ عنہا کے حالات زندگی جان سکیں۔<br>• آپ رضی اللہ عنہ کی سیرت و کردار سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضرت امام حسن رضی اللہ عنہا سے محبت کو جان کر اس سے سبق حاصل کر سکیں۔ | حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ | ب |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | • آپ رضی اللہ عنہ کی صفات، عبادت و ریاضت اور گھریلو زندگی کے روشن پہلوؤں سے آگاہ ہو کر سبق سیکھ سکیں۔<br>• آپ رضی اللہ عنہ کی دین اسلام کے لئے خدمات کو سمجھ کر ان کے اسوہ کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنا سکیں۔ | ہم کیسے راہنمائی حاصل کر سکتی ہیں''۔ کسی مہمان مقرر سے تقریر کروانے کا اہتمام کیا جائے۔ |
| ج | صحابہ کرام رضی اللہ عنہم<br>• حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ<br>• حضرت ابو عبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ<br>• حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ | • عشرہ مبشرہ کا مفہوم جان سکیں۔<br>• مذکورہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے حالات زندگی سے اجمالی طور پر واقف ہو سکیں۔<br>• ان کے اخلاق و صفات سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• ان کی دینی خدمات سے مختصر طور پر آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• ان کی سیرت کے مختلف پہلوؤں سے سبق حاصل کر سکیں۔ | • طلبہ عشرہ مبشرہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی حیاتِ طیبہ پر مشتمل معلوماتی چارٹ بنائیں جن میں ان کے نام، ولدیت، پیدائش، قبیلہ، عمر، مروی احادیث کی تعداد، اولاد، وفات شامل ہوں۔<br>• مذکورہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی زندگی اور سیرت و کردار پر ذہنی آزمائش کا مقابلہ کروایا جائے۔ |
| د | • حضرت علی بن عثمان المعروف داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ، حضرت معین الدین چشتی اجمیری | • حضرت علی بن عثمان المعروف داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ، حضرت معین الدین چشتی اجمیری کے حالات زندگی سے واقف ہو سکیں۔<br>• ان کے اخلاق و صفات سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• اشاعت اسلام میں ان کی خدمات سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• ان کی تعلیمات و فرمودات سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• ان کی سیرت و کردار کے مختلف پہلوؤں سے سبق حاصل کر سکیں۔ | • طلبہ مذکورہ شخصیات کے حالاتِ زندگی پر مشتمل معلوماتی چارٹ بنائیں جن میں ان کے نام، ولدیت، پیدائش، عمر، وفات وغیرہ شامل ہوں۔<br>• مذکورہ شخصیات کی حالات زندگی اور تعلیمات پر کمرہ جماعت میں مکالمہ کریں۔ |
| | • موسیٰ بن نصیر<br>• طارق بن زیاد | • غلبہ اسلام کے لیے مسلم فاتحین کے کردار سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• موسیٰ بن نصیر اور طارق بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ کے حالات زندگی سے اجمالی طور پر واقف ہو سکیں۔<br>• ان کے اخلاق و صفات سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• شمالی افریقہ اور اندلس کی فتح میں ان کے کردار کو جان سکیں۔ | • موسیٰ بن نصیر اور طارق بن زیاد کے حالاتِ زندگی پر مشتمل معلوماتی چارٹ بنائیں جن میں ان کے نام، ولدیت، پیدائش، عمر، وفات وغیرہ شامل ہوں۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | • ان کی سیرت و کردار کے مختلف پہلوؤں سے سبق حاصل کر سکیں۔ | • موسیٰ بن نصیر اور طارق بن زیاد کی حالات زندگی پر کمرہ جماعت میں ذہنی آزمائش کام کا مقابلہ کریں۔<br>• موسیٰ بن نصیر اور طارق بن زیاد کے مفتوحہ علاقوں کا چارٹ بنائیں۔ |
| | • جابر بن حیان<br>• ابن الہیثم | • محمد بن موسیٰ الخوارزمی، ابن خلدون رحمۃ اللہ علیہ کے حالات زندگی سے اجمالی طور پر واقف ہو سکیں۔<br>• ان کی علمی خدمات سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• سائنسی اور عمرانی علوم کے فروغ میں ان کی خدمات سے آگاہی حاصل کر سکیں۔ | • طلبہ مذکورہ شخصیات کے حالاتِ زندگی پر مشتمل معلوماتی چارٹ بنائیں جن میں ان کے نام، ولدیت، پیدائش، عمر، وفات وغیرہ شامل ہوں۔<br>• مذکورہ شخصیات کی حالات زندگی اور علمی سرگرمیوں پر کمرہ جماعت میں ذہنی آزمایش کا مقابلہ کریں۔ |
| **7۔ اسلامی تعلیمات اور عصر حاضر کے تقاضے** | | | |
| الف | اسلام میں علم کی اہمیت (دینی وسائنسی اور علوم) | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• اسلام میں مختلف علوم کے حصول کی اہمیت وفضیلت جان سکیں۔<br>• علوم کی اقسام (علومِ محمود اور علومِ مذموم) میں فرق کر سکیں۔<br>• اسلام میں دینی علوم کے مآخذ سے واقف ہو سکیں۔<br>• قرآن اور سائنسی علوم کا آپس میں تعلق جان سکیں۔<br>• نظامِ کائنات میں غور وفکر کر کے سائنسی اور تکنیکی علوم میں مہارت حاصل کر سکیں۔<br>• اس بات سے آگاہ ہو سکیں کہ ریاستِ مدینہ میں علم کے فروغ کے لیے عہدِ رسالت اور عہدِ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں کیا کیا اقدامات کیے گئے۔<br>• دینی وسائنسی علوم حاصل کر کے معاشرے کی فلاح وبہبود میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ | • طلبہ علم کی اہمیت اور غور وفکر سے متعلقہ تین آیات (سبق کے علاوہ) تلاش کر کے چارٹ پر لکھیں۔<br>• "دورِ حاضر میں دینی اور سائنسی علوم کے حصول کی اہمیت" کے موضوع پر مہمان مقرر سے خطاب کروائیں۔<br>• طلبہ گروپ کی صورت میں علم کی اہمیت پر مشتمل احادیث کو سامنے رکھتے ہوئے مذاکرہ کریں کہ علم حاصل کرنا معاشرے کی فلاح وبہبود کے لئے کیوں ضروری ہے؟۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | • طلباءچند مسلم سائنسدانوں کے ناموں اور اُن کے مشہور کاموں پر مشتمل چارٹ بنائیں۔ |
| ب | اسلام اور امن عامہ | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• امن عامہ کا معنی ومفہوم جان سکیں۔<br>• امن عامہ کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔<br>• اپنے اور دوسروں کے جان ومال اور عزت کی سلامتی کی تاکید کو جان سکیں۔<br>• دورِ حاضر میں ہر سطح پر امن کے قیام کے لئے اپنا کردار ادا کرنے کا جذبہ پیدا کر سکیں۔<br>• امن وسلامتی کے انفرادی اور اجتماعی فوائد و ثمرات کا جائزہ لے سکیں۔ | • رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی سیرتِ طیبہ سے امن وسلامتی کے واقعات جماعت میں سنائیں۔<br>• امن وسلامتی کے لیے قائم شدہ قومی اداروں کے ناموں پر مشتمل چارٹ بنائیں۔ |

## موضوعات اور ذیلی موضوعات برائے جماعت ہشتم

**بابِ اوّل: قرآن مجید وحدیث نبوی** صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات | حاصلاتِ تعلم | مجوزہ سرگرمیاں |
|---|---|---|---|
| الف | ترجمۂ قرآن | • قرآن مجید مقررہ سورتوں (بمطابق ضمیمہ) کا مفہوم سمجھ سکیں۔<br>• مطالعۂ قرآن مجید کا حصہ سوم (بمطابق ضمیمہ) میں شامل سورتوں کا مفہوم سمجھ سکیں۔<br>• ان سورتوں کا پس منظر اور ان میں بیان کردہ تعلیمات کو سمجھ سکیں۔<br>• ان سورتوں میں بیان کردہ تعلیمات پر عمل کر سکیں۔ | • طلبہ کی قرأت کی درستی کے لیے کسی معروف قاری کی آواز میں قرأت سنائی جائے۔<br>• مقابلہ حسن قرأت کروایا جائے اور بہترین قرأت کرنے والے کی حوصلہ افزائی کی جائے۔<br>• مطالعہ قرآن مجید میں پڑھی گئی سورتوں کا مفہوم اپنے الفاظ میں بیان کریں۔ |

| مجوزہ سرگرمیاں | حاصلاتِ تعلم | موضوعات وذیلی موضوعات | نمبر شمار |
|---|---|---|---|
| • سورتوں میں بیان کردہ تعلیمات سے متعلقہ خاکہ جماعت کے سامنے پیش کریں۔ | | | |
| • طلبہ کی قرأت کی درستی کے لیے کسی معروف قاری کی آواز میں قرأت سنائی جائے۔<br>• مقابلہ حسن قرأت کروایا جائے اور بہترین قرأت کرنے والے کی حوصلہ افزائی کی جائے۔<br>• دی گئی سورتوں کو زبانی یاد کریں اور جماعت میں ایک دوسرے کو سنائیں نیز اپنی نوٹ بک میں تعلم کا ریکارڈ رکھیں۔<br>• تجوید کے اصولوں پر مبنی آڈیو یا ویڈیو ریکارڈنگ طلبہ کو سنوائی جائے اور طلبہ سنتے ہوئے اس کی مشق کریں نیز نوٹ بک پر تجوید کے اصولوں کا رنگین خاکہ بنائیں۔<br>• طلبہ اپنی نوٹ بک میں نماز کا ٹیبل بنائیں اور نماز میں پڑھی گئی سورتوں کی نشاندہی کریں۔ | • سورۃ الانشراح<br>• سورۃ والضحیٰ<br>• سورۃاللیل<br>• سورۃالشمس<br>• کو درست تجوید کے ساتھ حفظ کرسکیں۔<br>• ان سورتوں کو نماز میں اور نماز کے علاوہ زبانی پڑھ سکیں۔ | حفظِ قرآن مجید | ب |

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات | حاصلاتِ تعلم | مجوزہ سرگرمیاں |
|---|---|---|---|
| د | حدیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم | • آٹھ مختصر صحیح احادیث یاد کر سکیں۔<br>• ان احادیث کو سمجھ کر روز مرہ زندگی میں ان کی تعلیمات پر عمل کر سکیں۔<br>• نوٹ: ترجمہ یاد کرنا لازمی ہے لیکن افضل یہ ہے کہ عربی متن بھی یاد کیا جائے۔ | • احادیث میں بیان کردہ تعلیمات کی روشنی میں بتائیں کہ وہ اپنی روز مرہ زندگی میں ان تعلیمات کو کب اور کیسے عمل میں لا سکتے ہیں۔<br>• طلبہ پڑھی گئی احادیث کو مد نظر رکھتے ہوئے یہ بتائیں کہ وہ ان تعلیمات میں سے کون کون سی باتوں پر عمل کرتے ہیں؟<br>• احادیث کو زبانی یاد کریں اور روزانہ ان کو پڑھنے کا معمول بنائیں۔ |
| ہ | دعائیں | • ۔غصے سے بچنے کی دعا<br>• لباس پہننے کی دعا<br>• اذان کے بعد کی دعا<br>• قبرستان میں جانے کی دعا<br>• ان دعاؤں کو یاد کر کے اپنی روز مرہ زندگی میں پڑھنے کے عادی ہو سکیں۔ | • دعاؤں کو یاد کریں اور جماعت میں ایک دوسرے کو سنائیں۔ |
| **باب دوم۔ایمانیات وعبادات**<br><br>**الف: ایمانیات** | | | |
| الف | عقیدہ آخرت | • آخرت کے معنی و مفہوم جان سکیں۔<br>• عقیدۂ آخرت کا تصور سمجھ سکیں۔<br>• عقیدۂ آخرت کے نقلی اور عقلی دلائل جان سکیں۔<br>• حوضِ کوثر اور شفاعتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اور مقام محمود کے بارے میں آگاہ ہو سکیں۔<br>• میزان اور اعمال کے حساب کتاب کے تصور کو سمجھ سکیں۔ | • آخرت میں جنت اور جہنم سے متعلقہ دو آیات اور دو احادیث (سبق کے علاوہ) تلاش کر کے چارٹ پر لکھیں۔<br>• شفاعتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا حقدار بنانے والے اعمال طلبہ کو بتائیں۔ |

| مجوزہ سرگرمیاں | حاصلاتِ تعلم | موضوعات وذیلی موضوعات | نمبر شمار |
|---|---|---|---|
| | • تعمیرِ سیرت میں عقیدۂ آخرت کے اثرات کو سمجھ سکیں۔<br>• اس بات کو سمجھ سکیں کہ عقیدۂ آخرت کس طرح اجتماعی زندگی کی اصلاح کا سبب ہے۔<br>• عقیدۂ آخرت کی روح کو سمجھ کر اپنی عملی زندگی اس کے مطابق گزار سکیں۔ | | |
| • حدیث نبوی "ایمان امید اور خوف کے درمیان ہے" کے موضوع پر کسی مہمان مقرر سے تقریر کا اہتمام کریں۔<br>• طلبہ کے سامنے توکل اور تدبیر کے صحیح تصور کو اجاگر کیا جائے۔ | • تقدیر کے معنی و مفہوم جان سکیں۔<br>• عقیدۂ تقدیر کا تصور سمجھ سکیں۔<br>• عقیدۂ تقدیر کے دلائل جان سکیں۔<br>• تقدیر اور تدبیر کے باہمی تعلق کی معرفت حاصل کر سکیں۔<br>• تعمیرِ سیرت میں عقیدۂ تقدیر کے اثرات کو سمجھ سکیں۔<br>• اس بات کو سمجھ سکیں کہ عقیدۂ تقدیر کس طرح امید اور حوصلہ پیدا کر کے زندگی میں استقامت کا سبب ہے۔<br>• عقیدۂ تقدیر کی روح کو سمجھ کر اللہ تعالیٰ پر توکل کر کے اس کی رضا اور تقسیم پر راضی رہ سکیں۔ | • تقدیر پر ایمان | ب |
| | | | **ب: عبادات** |
| • نصابِ زکوٰۃ اور مصارفِ زکوٰۃ کا چارٹ بنائیں۔<br>• طلبہ کو بچوں کے کسی فلاحی ادارے کا دورہ کروائیں جہاں وہ اپنے جیب خرچ سے ان کے لیے تحائف لے کر جائیں۔ | • زکوٰۃ کے معنی اور مفہوم سے واقف ہو سکیں۔<br>• قرآن و حدیث کی روشنی میں زکوٰۃ کی اہمیت و فضیلت سمجھ سکیں۔<br>• نصابِ زکوٰۃ اور شرحِ زکوٰۃ کے بارے میں آگاہ ہو سکیں۔<br>• زکوٰۃ کے مصارف جان سکیں۔<br>• زکوٰۃ ادا کرنے کے آداب و احکام کے بارے میں واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• زکوٰۃ کے دینی، معاشی اور معاشرتی فوائد سمجھ سکیں۔<br>• زکوٰۃ ادا نہ کرنے کے انفرادی اور اجتماعی نقصانات کو سمجھ سکیں۔ | زکوٰۃ کی اہمیت و فضیلت | الف |

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات | حاصلاتِ تعلم | مجوزہ سر گرمیاں |
|---|---|---|---|
| ب | حج اور اس کی عالمگیریت | • حج کے معنی اور مفہوم سے واقف ہو سکیں۔<br>• قرآن و حدیث کی روشنی میں حج کی اہمیت و فضیلت سمجھ سکیں۔<br>• حج کی عالمگیریت اور امّتِ واحد کے تصوّر کو سمجھ سکیں۔<br>• عمرہ اور حج کا فرق جان سکیں۔<br>• حج کے مناسک (شرائط، ارکان اور آداب) کے بارے میں واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• حج کے روحانی، معاشی اور معاشرتی فوائد سمجھ سکیں۔ | • مناسک حج اور عمرہ سے متعلق طلبہ کو کوئی ویڈیو دکھائی جائے۔<br>• تلبیہ کے کلمات کا چارٹ بنا کر آویزاں کریں اور یاد کرکے ایک دوسرے کو سنائیں۔ |
| ج | اسلامی عبادات کے تقاضے اور اثرات | • عبادت کے وسیع مفہوم سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• بندگی کے اصل مفہوم اور مقصد سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• اللہ تعالی کی عبادت اس کی اصل روح کے مطابق ادا کر سکیں۔<br>• اسلام میں تمام عبادات کے تصور اور مقاصد سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• اپنی زندگی کو اللہ کے احکامات کے مطابق ڈھال سکیں۔ | • طلبہ کو عبادت کا اصل تصور اجاگر کریں کہ زندگی کے تمام معاملات میں اللہ تعالی کے احکام کی اطاعت کرنا عبادت ہے۔ |
| **باب سوم: سیرت طیبہ** | | | |
| الف | حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا عفوودرگذر | • عفوودرگذر کا معنی و مفہوم جان سکیں۔<br>• سیرت طیبہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے عفوودرگذر کی مثالیں جان سکیں۔<br>• تبلیغ اسلام میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلمؐ کے عفوودرگذر کے اثرات سمجھ سکیں۔<br>• اپنی عملی زندگی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی صفت عفوودرگذر کو اپنا سکیں۔ | • مشاہدہ کریں کہ آپ روزمرہ زندگی میں ایک دوسرے کی غلطیوں کو کس طرح درگذر کرتے<br>• ہیں۔<br>• حضرت محمّد رسول اللہ خاتم النّبیّن صَلَّی اللہ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ وَاَصۡحٰبِہٖ وَسَلَّمَ کی حیاتِ طیبہ عفوودرگذر کے واقعات کا تذکرہ کریں۔ |

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات | حاصلاتِ تعلم | مجوزہ سرگرمیاں |
|---|---|---|---|
| ب | فتح مکہ | • فتح مکہ کے اسباب سے واقف ہو سکیں۔<br>• فتح مکہ کے اہم واقعات جان سکیں۔<br>• فتحِ مکہ کے موقع پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے اعلانِ امن کے بارے میں آگاہ ہو سکیں۔<br>• فتح مکہ کے موقع پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے عفو و درگذر سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• فتح مکہ کے نتیجے میں ہونے والے دینی، معاشرتی اور سیاسی اثرات کا جائزہ لے سکیں۔<br>• یہ جائزہ لے سکیں کہ فتح مکہ ریاست مدینہ کے فروغ کا پیش خیمہ ثابت ہوا۔ | • فتح مکہ کے اثرات پر جماعت میں ایک مذاکرہ کروایا جائے۔<br>• نقشے کی مدد سے فتح مکہ کے اہم واقعات طلبہ کو سمجھائیں۔ |
| ج | غزوۂ تبوک | • غزوۂ تبوک کا پس منظر اور اسباب سے واقف ہو سکیں۔<br>• غزوۂ تبوک کے وقت مسلمانوں کی تیاری میں مشکلات سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• عہدِ نبوی میں تبوک کے علاقے کی جغرافیائی حیثیت جان سکیں۔<br>• غزوۂ تبوک کی تیاری میں صحابہ کرامؓ کے ایثار اور انفاق فی سبیل اللہ سے روشناس ہو سکیں۔<br>• غزوۂ تبوک کے اہم واقعات سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• غزوۂ تبوک کے واقعات سے اپنے اندر ایثار وقربانی کے جذبات پروان چڑھا سکیں۔<br>• غزوۂ تبوک کے نتائج کے باعث مسلمانوں کو حاصل ہونے والے دینی، معاشی اور سیاسی فوائد کا جائزہ لے سکیں۔ | • نقشے کی مدد سے غزوہ تبوک کے اہم واقعات طلبہ کو سمجھائیں۔<br>• تمام غزوات کا تقابلی چارٹ بنائیں۔ |
| د | حجۃ الوداع | • حجۃ الوداع کا پس منظر جان سکیں۔<br>• حجۃ الوداع کی اہمیت وفضیلت سے روشناس ہو سکیں۔<br>• حجۃ الوداع کے واقعات جان سکیں۔ | • خطبہ حجۃ الوداع کی اہم تعلیمات کا چارٹ بنا کر جماعت میں آویزاں کریں۔ |

| مجوزہ سرگرمیاں | حاصلاتِ تعلم | موضوعات وذیلی موضوعات | نمبر شمار |
|---|---|---|---|
| • حجۃ الوداع کے موقع پر تکمیل دین کے تناظر میں ختم نبوت کا مفہوم واضح کریں۔ | • خطبہ حجۃ الوداع کی اہم تعلیمات بالخصوص حج کی فرضیت، دینِ اسلام کی تکمیل اور کی وضاحت کر سکیں۔<br>• اس بات کا جائزہ لے سکیں کہ ''خطبہ حجۃ الوداع انسانی حقوق کا لازوال منشور ہے''۔<br>• حجۃ الوداع میں موجود دعوت و تبلیغ کے پیغام کو اپنا کر اپنا فریضہ انجام دے سکیں۔<br>• حجۃ الوداع کے نتیجے میں ہونے والے دینی، معاشرتی اور سیاسی اثرات کا جائزہ لے سکیں۔ | | |
| • حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم آخری وصیتوں کی فہرست بنائیں<br>• گزشتہ جماعتوں میں سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم پر مشتمل پڑھائے گئے اسباق کا اعادہ کروانے کے لیے سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے واقعات کو ترتیبِ زمانی میں لکھیں۔ | • حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے مرض وفات کے واقعات جان سکیں۔<br>• مرض وفات کے دوران آپ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے معمولات کے بارے میں آگاہ ہو سکیں۔<br>• بیماری کے دوران آپ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی کیفیت کے بارے میں آگاہ ہو سکیں۔<br>• آپ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے بیماری کے دوران حضرت ابو بکر صدیقؓ کی امامت کے بارے میں جان سکیں۔<br>• حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی آخری نصیحتوں اور وصیتوں کے بارے میں واقف ہو کر ان پر عمل پیرا ہو سکیں۔<br>• نبی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی تجہیز و تدفین کے بارے میں جان سکیں۔ | وصالِ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم | ہ |
| • رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے امن و سلامتی کے لیے کیا | • اسلام میں امن و سلامتی کی اہمیت کے بارے میں جان سکیں۔<br>• اس بات سے واقف ہو سکیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی ذاتِ گرامی امن و سلامتی کا محور ہے۔ | حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم بطور داعیٔ امن | و |

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات | حاصلاتِ تعلم | مجوزہ سر گرمیاں |
|---|---|---|---|
| | | • سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے امن کی چند مثالیں جان سکیں۔<br>• قیامِ امن کے لیے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی حکمت عملی سے واقف ہو سکیں۔<br>• نبی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی سیرت طیبہ سے استفادہ کر کے اپنی عملی زندگی میں امن کا مظاہرہ کر سکیں۔ | کوششیں کیں، زمانی ترتیب کو مد نظر رکھتے ہوئے جماعت میں ایک مذاکرے کا اہتمام کیا جائے۔ |
| **4۔ باب چہارم: اخلاق وآداب** | | | |
| الف | مساوات | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• مساوات کے لغوی اور اصطلاحی معنی جان سکیں۔<br>• مساوات کی اہمیت سے واقف ہو سکیں۔<br>• سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اور اسوۂ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے مساوات کی مثالوں کو جان سکیں۔<br>• ریاستِ مدینہ میں مساوات قائم کرنے کے لیے کیے گئے اقدامات کا جائزہ لے سکیں۔<br>• انفرادی اور اجتماعی زندگی میں مساوات کے اثرات جان کر ان سے استفادہ کر سکیں۔ | • حدیث "ان اللہ لا ینظر الی صورکم ولا الی اموالکم ولکن ینظر الی قلوبکم واعمالکم" کے تناظر میں مساوات پر تقریری مقابلہ منعقد کریں۔<br>• مختلف شعبہ ہائے زندگی میں مساوات اور عدم مساوات کی صورتیں طلبہ کو بتائیں۔ |
| ب | خشیت الٰہی اور فکر آخرت | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• خشیت الٰہی اور فکر آخرت کا معنی ومفہوم سمجھ سکیں۔<br>• خشیت الٰہی اور فکر آخرت کی اہمیت سے واقف ہو سکیں۔ | • خشیت الٰہی اور فکر آخرت سے تین آیات اور احادیث تلاش کر کے چارٹ بنا کر آویزاں کریں۔<br>• طلبہ خشیت الٰہی اور فکر آخرت کے موضوع پر باہمی مکالمہ کریں۔ |

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات | حاصلاتِ تعلم | مجوزہ سرگرمیاں |
|---|---|---|---|
| | | • سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اور اسوۂ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے خشیت الٰہی اور فکر آخرت کی مثالوں کو جان سکیں۔<br>• خشیت الٰہی اور فکر آخرت کے ایمانی و روحانی اثرات سے واقف ہو کر اس ایمانی صفت سے متصف ہو سکیں۔ | |
| ج | بری عادات سے اجتناب (حرص و طمع) | قرآن و حدیث کی روشنی میں:<br>• حرص و طمع کا مفہوم جان سکیں۔<br>• اسلام میں حرص و طمع کی مذمت اور وعید کو جان سکیں۔<br>• سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اور اسوہء صحابہ رضی اللہ عنہم سے قناعت کی مثالیں جان سکیں۔<br>• حرص و طمع کے دنیوی اور اخروی نقصانات سمجھ سکیں۔<br>• حرص و طمع کو معاشرتی برائی سمجھتے ہوئے اس سے اجتناب کر سکیں۔<br>• حرص و طمع کے معاشرے پر اثرات کا جائزہ لے سکیں۔ | • حرص و طمع کی مذمت سے متعلقہ دو آیات اور دو احادیث (سبق کے علاوہ) تلاش کر کے چارٹ پر لکھیں۔<br>• قناعت کے موضوع پر کسی مہمان مقرر سے تقریر کا اہتمام کریں۔ |
| **5۔اہلیت۔ حسنِ معاملات و معاشرت** | | | |
| الف | حقوق العباد (خواتین، مریض و معذور، یتیم، مزدور) | قرآن و سنت کی روشنی میں:<br>• حقوق العباد کی اہمیت و فضیلت کو جان سکیں۔<br>• خواتین کے حقوق سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• مریض اور معذور کے حقوق سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• یتیموں کے حقوق سے روشناس ہو سکیں۔<br>• مزدوروں کے حقوق سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اور اسوہء صحابہ سے حقوق العباد کی پاسداری کی مثالیں جان سکیں۔ | • طلبہ اظہار خیال کریں کہ وہ محلے میں خواتین، مریض و معذور، یتیم، مزدور کا خیال کیسے رکھتے ہیں؟<br>• طلبہ کو حقوق العباد سے متعلقہ سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اور اسوہء صحابہ رضی اللہ عنہم کے دیگر واقعات سنائے جائیں۔ |

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات | حاصلاتِ تعلم | مجوزہ سر گرمیاں |
|---|---|---|---|
| | | • خواتین، مریض و معذور، یتیم، اور مزدوروں کے حقوق کو سمجھتے ہوئے اپنے فرائض خوش اسلوبی سے سرانجام دے سکیں۔ | |
| ب | امر بالمعروف و نہی عن المنکر (دعوت و تبلیغ) | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• امر بالمعروف و نہی عن المنکر کا معنی و مفہوم جان سکیں۔<br>• امر بالمعروف و نہی عن المنکر کی اہمیت و فضیلت سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• ختم نبوت کی روشنی میں دعوت و تبلیغ کی ذمہ داری کو سمجھ سکیں۔<br>• امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے احکام وآداب کو جان سکیں۔<br>• مبلغ کی صفات اور تبلیغ کی شرائط سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اور اسوہ صحابہ رضی اللہ عنہم سے امر بالمعروف و نہی عن المنکر کی مثالیں جان سکیں۔<br>• عملی زندگی میں امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے فوائد و ثمرات سے آگاہ ہو کر استفادہ کر سکیں۔ | • طلبہ گروہ کی صورت میں ایک دوسرے کو عملی طور پر سنت پر عمل کرنے کی دعوت دیں۔<br>• آپ کسی کو دعوت دیں اور اس کے تاثرات بیان کریں۔ |
| ج | جہاد فی سبیل اللہ | • جہاد کا معنی و مفہوم جان سکیں۔<br>• جہاد کی اہمیت و فضیلت سے واقف ہو سکیں۔<br>• جہاد کی اقسام، مقاصد اور شرائط سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• ریاستِ مدینہ میں جہاد کے ذریعے غلبۂ دین کے لیے کیے گئے اقدامات کا جائزہ لے سکیں۔<br>• دین کی سربلندی اور ملک کی سالمیت و دفاع کے لیے اپنا کردار ادا کر سکیں۔ | • جہاد سے متعلقہ دو آیات اور دو احادیث (سبق کے علاوہ) تلاش کر کے چارٹ پر لکھیں۔<br>• وطن کے دفاع کی تیاری کی جنگی مشقوں سے متعلقہ ویڈیو دکھائیں۔<br>• نشان حیدر حاصل کرنے والے شہداء کے ناموں کا چارٹ بنا کر آویزاں کریں۔ |
| ج | اسلامی ریاست کا تصوّر | قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• ریاست کا معنی اور مفہوم جان سکیں۔<br>• اسلامی ریاست کے تصوّر سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• اسلامی ریاست کے قیام کی ضرورت و اہمیت سمجھ سکیں۔<br>• اسلامی ریاست کے نمایاں خدّوخال کی وضاحت کر سکیں۔ | • اسلامی ریاست کے نمایاں خدّوخال پر چارٹ بنائیں۔<br>• پاکستان کو اسلامی فلاحی ریاست بنانے کے لیے کیے جانے والے اقدامات طلبہ کو بتائیں۔ |

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات | حاصلاتِ تعلم | مجوزہ سرگرمیاں |
|---|---|---|---|
| | | • پاکستان کو اسلامی فلاحی ریاست بنانے میں کیے جانے والے اقدامات میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ | |
| **باب ششم: مشاہیر اسلام۔ ہدایت کے سرچشمے** | | | |
| ب | ازواج مطہرات رضی اللہ عنھن<br>• حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا<br>• حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا<br>• حضرت امّ حبیبہ رضی اللہ عنہا<br>• حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا | • ازواج مطہرات رضی اللہ عنھن کی شخصیات سے واقف ہو سکیں۔<br>• قرآن مجید کی روشنی میں امہات المومنین رضی اللہ عنھن کے مقام سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• مذکورہ ازواج مطہرات رضی اللہ عنھن کی سیرت و کردار اور ان کی دینی خدمات سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• مذکورہ ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن کے ذوق علم و عبادت سے واقف ہو کر ان کی خدمات کو جان سکیں۔<br>• ازواج مطہرات رضی اللہ عنھن کی گھریلو زندگیوں کے بارے میں جان کر اپنی عملی زندگی میں ان کے اسوہ کی پیروی کرتے ہوئے اس کو مثالی بنا سکیں۔ | • مذکورہ ازواج مطہرات رضی اللہ عنھن کی حیاتِ طیبہ پر مشتمل معلوماتی چارٹ بنائیں جن میں ان کے نام، ولدیت، پیدائش، قبیلہ، عمر، مروی احادیث کی تعداد، اولاد، وفات شامل ہوں۔<br>ازواج مطہرات رضی اللہ عنھن سے متعلق جماعت میں ذہنی آزمائش کا مقابلہ کروائیں۔ |
| | حضرت امام حسین رضی اللہ تعالی عنہ | • حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے حالات زندگی جان سکیں۔<br>• آپ رضی اللہ عنہ کی سیرت و کردار سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی حضرت امام حسین رضی اللہ عنہا سے محبت کو جان کر اس سے سبق حاصل کر سکیں۔<br>• آپ رضی اللہ عنہ کی صفات، عبادت و ریاضت اور گھریلو زندگی کے روشن پہلوؤں سے آگاہ ہو کر سبق سیکھ سکیں۔<br>• آپ رضی اللہ عنہ کی دین اسلام کے لیے خدمات کو سمجھ کر ان کے اسوہ کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنا سکیں۔ | • حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے حالات زندگی پر معلوماتی چارٹ تیار کریں۔<br>• حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کی زندگی سے ہم کیسے راہنمائی حاصل کر سکتی ہیں"۔ کسی مہمان مقرر سے تقریر کروانے کا اہتمام کیا جائے۔ |

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات | حاصلاتِ تعلم | مجوزہ سرگرمیاں |
|---|---|---|---|
| ج | صحابہ کرام رضی اللہ عنہم<br>• حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ<br>• حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ<br>• حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ | • عشرہ مبشرہ کا مفہوم جان سکیں۔<br>• مذکورہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے حالات زندگی سے اجمالی طور پر واقف ہو سکیں۔<br>• ان کے اخلاق وصفات سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• ان کی دینی خدمات سے مختصر طور پر آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• ان کی سیرت کے مختلف پہلوؤں سے سبق حاصل کر سکیں۔ | • طلبہ مذکورہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی حیاتِ طیبہ پر مشتمل معلوماتی چارٹ بنائیں جن میں ان کے نام، ولدیت، پیدائش، قبیلہ، عمر، مروی احادیث کی تعداد، اولاد، وفات شامل ہوں۔<br>• مذکورہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہ کی زندگی اور سیرت و کردار پر ذہنی آزمائش کا مقابلہ کروایا جائے۔ |
| د | صوفیائے کرام<br>• حضرت بہاؤالدین زکریا ملتانی رحمۃاللہ علیہ<br>• حضرت فریدالدین گنج شکر رحمۃاللہ علیہ | • حضرت بہاؤالدین زکریا ملتانی رحمۃاللہ علیہ اور حضرت فریدالدین گنج شکر رحمۃاللہ علیہ کے حالات زندگی سے اجمالی طور پر واقف ہو سکیں۔<br>• ان کے اخلاق وصفات سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• اشاعت اسلام میں ان کی خدمات سے مختصر طور پر آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• ان کی سیرت کے مختلف پہلوؤں سے سبق حاصل کر سکیں۔ | • طلبہ مذکورہ شخصیات کے حالاتِ زندگی پر مشتمل معلوماتی چارٹ بنائیں جن میں ان کے نام، ولدیت، پیدائش، عمر، وفات وغیرہ شامل ہوں۔<br>• مذکورہ شخصیات کی حالات زندگی اور تعلیمات پر کمرہ جماعت میں مکالمہ کریں۔ |
| | • محمد بن قاسم<br>• محمود غزنوي | • غلبہ اسلام کے لیے مسلم فاتحین کے کردار سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• محمد بن قاسم اور محمود غزنوي کے حالات زندگی سے اجمالی طور پر واقف ہو سکیں۔<br>• ان کے اخلاق وصفات سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• ھندوستان کی فتح میں ان کے کردار کو جان سکیں۔<br>• ان کی سیرت و کردار کے مختلف پہلوؤں سے سبق حاصل کر سکیں۔ | • محمد بن قاسم اور محمود غزنوي کے حالاتِ زندگی پر مشتمل معلوماتی چارٹ بنائیں جن میں ان کے نام، ولدیت، پیدائش، عمر، وفات وغیرہ شامل ہوں۔<br>• محمد بن قاسم اور محمود غزنوي کی حالات زندگی پر کمرہ جماعت میں ذہنی آزمائش کا م کا مقابلہ کریں۔<br>• محمد بن قاسم اور محمود غزنوي کے مفتوحہ علاقوں کا چارٹ بنائیں۔ |

| نمبر شمار | موضوعات و ذیلی موضوعات | حاصلاتِ تعلم | مجوزہ سرگرمیاں |
|---|---|---|---|
| | • ابو نصر فارابی<br>• بو علی سینا | • ابو نصر فارابی اور بو علی سینا کے حالات زندگی سے اجمالی طور پر واقف ہو سکیں۔<br>• ان کی علمی خدمات سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• سائنسی اور عمرانی علوم کے فروغ میں ان کی خدمات سے آگاہی حاصل کر سکیں۔ | • طلبہ مذکورہ شخصیات کے حالاتِ زندگی پر مشتمل معلوماتی چارٹ بنائیں جن میں ان کے نام، ولدیت، پیدائش، عمر، وفات وغیرہ شامل ہوں۔<br>• مذکورہ شخصیات کی حالات زندگی اور علمی سرگرمیوں پر کمرہ جماعت میں ذہنی آزمایش کا مقابلہ کریں۔ |
| **باب ہفتم: اسلامی تعلیمات اور عصر حاضر کے تقاضے** | | | |
| الف | اتّحادِ ملی | قرآن و سنت کی روشنی میں:<br>• اتّحادِ ملی کا معنی و مفہوم جان سکیں۔<br>• دورِ حاضر میں اتّحادِ ملی کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔<br>• فرقہ واریت کے خاتمے کے لیے اتّحادِ ملی کی ضرورت واہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• امّتِ مسلمہ کے مسائل کے حل کے لیے اتحادِ ملی کی افادیت کا جائزہ لے سکیں۔<br>• دورِ حاضر میں ہر سطح پر اتّحادِ ملی کے لیے اپنا کردار ادا کرنے کا جذبہ پیدا کر سکیں۔ | • طلبہ اتحاد و اتفاق سے متعلقہ تین آیات (سبق کے علاوہ) تلاش کر کے چارٹ پر لکھیں۔<br>• "دورِ حاضر میں اتحاد کی اہمیت اور فرقہ واریت کے نقصانات" کے موضوع پر مہمان مقرر سے خطاب کروائیں۔<br>• طلباء گروپ کی صورت میں اتحاد کی اہمیت پر مشتمل آیات واحادیث کو سامنے رکھتے ہوئے مذاکرہ کریں کہ اتحاد معاشرے کی فلاح و بہبود کے لئے کیوں ضروری ہے؟۔ |
| ب | ذرائع ابلاغ کا استعمال | قرآن و سنت کی روشنی میں:<br>• ابلاغ کا معنی و مفہوم اور ذرائع جان سکیں۔<br>• دورِ حاضر میں ذرائع ابلاغ کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔<br>• ذرائع ابلاغ کے آداب واحکام سے واقف ہو سکیں۔ | • "دورِ حاضر میں ذرائع ابلاغ کی اقسام ان کے آداب" کے موضوع پر مہمان مقرر سے خطاب کروائیں۔ |

| نمبر شمار | موضوعات وذیلی موضوعات | حاصلاتِ تعلم | مجوزہ سرگرمیاں |
|---|---|---|---|
| | | • ذرائع ابلاغ کے درست استعمال کے فوائد اور غلط استعمال کے نقصانات سے واقف ہو سکیں۔<br>• ذرائع ابلاغ کے درست استعمال کے قابل ہو سکیں۔<br>• دورِ حاضر میں ذرائع ابلاغ کو علمِ دین کے حصول اور اس کی اشاعت کے لیے استعمال کر سکیں۔ | • طلبہ گروپ کی صورت میں ذرائع ابلاغ کے دست استعمال کے فوائد اور غلط استعمال کے نقصانات پر مذاکرہ کریں اور خلاصہ بحث نکات کی صورت میں پیش کریں۔ |

## ہدایات برائے اساتذہ کرام

1. سورتوں کو یاد کروانے کے لیئے طلبہ کو کسی مستند قاری کی آواز میں آڈیو سنائی جائے تاکہ بچے تجوید کا خیال رکھ سکیں۔
2. روزمرہ کی دعائیں یاد کروائی جائیں اور ان کی اہمیت سے طلبہ کو آگاہ کیا جائے۔
3. طلبہ کو عقائد وعبادات کی اصل روح سے آگاہ کیا جائے۔
4. اساتذہ طلبہ کو اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات، عظمت اور کبریائی کی پہچان کروائیں تاکہ وہ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں اور توحید کے تقاضے بتائے جائیں۔
5. اساتذہ طلبہ کو اپنی زندگی پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی سنت کے مطابق ڈھالنے کی ترغیب دیں۔
6. طلبہ کو اللہ تعالیٰ اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے محبت، انبیاء کرام علیہم السلام، اہل بیت اطہار، ازواج مطہرات، صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین، مشاہیرِ اسلام اور صوفیائے کرام کی دینی تعلیمات کے مطابق زندگی گزارنے کی ترغیب دی جائے
7. اساتذہ طلبہ کو ختم نبوت کے عقیدہ کے بارے میں مکمل طور پر آگاہی دیں۔
8. واقعات اور روزمرہ کی چھوٹی چھوٹی مثالوں سے بچوں میں باہمی تعاون اور برداشت کا جذبہ بیدار کریں اور خود بھی اس کا عملی نمونہ پیش کریں۔
9. اساتذہ بچوں کو اچھے اخلاق اور معاشرتی زندگی کے آداب سے آگاہی دیں تاکہ بچہ معاشرے میں ایک مفید اور کامیاب شہری بن سکے۔
10. طلبہ کو مستند حوالہ جات اکھٹے کرنے کی تاکید کی جائے۔
11. طلبہ میں نظم وضبط اور قانون کا احترام جیسی صفات پیدا کرنے کے لیے عملی کوشش کی جائیں۔
12. طلبہ میں عبادات کی اصل روح بیدار کی جائے تاکہ وہ اللہ تعالیٰ کے احکامات کے مطابق اپنی زندگی گزار سکیں اور اپنی بندگی کا اظہار کر سکیں۔
13. کتاب میں دی گئی سرگرمیاں ہدایات کے مطابق کروائی جائیں۔
14. اساتذہ طلبہ کو حقوق العباد ادا کرنے کی ترغیب دیں اور روزمرہ مثالوں سے سمجھائیں۔

### طریقہ تدریس

1. طلبہ سے سوالات پوچھنا
2. فکری قوت کا تحرک (Brainstorming)
3. جماعتی مباحثہ
4. انفرادی یا گروہ یا گروپ میں کام کرنا
5. مطالعاتی دورہ

6. سروے
7. رول پلے
8. پروجیکٹ/ٹیکنالوجی کا استعمال

## اساتذہ کے لیے اہم سوالات

- سبق کی بہتر تدریس کے لیے منصوبہ بندی(Lesson Planning) کرلی گئی ہے؟
- طلبہ کو کیا علم دینا چاہتے ہیں؟
- کن سرگرمیوں کو اختیار کرنے سے تدریسی مقاصد حاصل ہو سکیں گے؟
- سرگرمیوں کی پیش رفت کے لیئے کیا وسائل درکار ہوں گے؟
- کام کا تجزیہ کرنے کے لیے کیا طریقہ اختیار کیا جائے کہ ان میں حائل رکاوٹوں کا تدارک کیا جاسکے؟
- SLOs کے مطابق طلبہ کی تعلیم و تربیت کا اہتمام ایسے کیا جاسکتا ہے؟
- جدید سمعی وبصری معاونات کا استعمال کیونکر مدد و معاون ثابت ہو سکتا ہے؟

## جائزہ اور امتحانات

تدریسی عمل اور اس کی کامیابی کا جائزہ لینا بے حد ضروری ہوتا ہے یہ جائزہ فوری (Formative) بھی ہونا چاہئے اور معیادی (Summative) بھی ہونا چاہئے۔ جائزہ لیتے ہوئے بچوں کی یادداشت اور معلومات کی صلاحیت کو مد نظر رکھنے کے ساتھ ساتھ تفہیم، اطلاق، تجزیہ ، تشکیل اور تشخیص کی صلاحیتوں کو بھی ملحوظ خاطر رکھنا چاہئے۔

جائزہ اور امتحانات کا کچھ حصہ زبانی اور زیادہ تحریری ہونا چاہئے اور سالانہ امتحانات میں زبانی حصے کے نمبر بھی مخصوص کرنے چاہئیں تاکہ اس کی طرف امتحانی نظر سے بھی بھرپور توجہ رہے۔ زبانی جائزہ میں قرآن پاک کا تلفظ، ادائیگی، لب ولہجہ، روانی اور حسن قرأت کو ملحوظ خاطر رکھا جائے۔ نیز اس بات کا بھی خاص خیال رکھا جائے کہ سالانہ اور بورڈ کی سطح کے امتحانات میں بھی زبانی جائزہ شامل رہے۔

معروضی آزمائشوں پر توجہ کے ساتھ ساتھ جائزہ اور امتحانات کا زیادہ تر حصہ انشائی طرز کا ہونا چاہئے۔ جس کے ذریعے بچوں کی تفہیم یعنی سمجھنے کی صلاحیت اور تجزیہ بشمول اطلاقی اور تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے میں مدد ملے اور بچوں کے انداز بیان میں ربط و تسلسل پیدا کرنے کی صلاحیت میں اضافہ ہو۔

کوشش کرنی چاہئے کہ امتحان اور جائزہ کا عمل محض معلومات کی جانچ کے دائرے تک ہی محدود نہ رہے۔ بلکہ جائزہ اور جانچ کے عمل کے دوران نصابی کتب کے ساتھ ساتھ حاصلات تعلم کو بھی ملحوظ خاطر رکھا جائے۔ اور طلبہ کی تخلیقی صلاحیتوں کی حوصلہ افزائی کی جائے طلبہ کو الفاظ کو یاد کرنے کے ساتھ ساتھ اپنے خیالات کو الفاظ میں ڈھالنے پر اضافی نمبر دے کر حوصلہ افزائی کی جائے۔

## نصابی کتب کے مصنفین کے لیے رہنما اصول

1۔ علوم اسلامیہ کے موضوع پر ترتیب پانے والی تمام درسی کتب کا مواد قرآن و حدیث کی روشنی میں شامل کیا جائے اور ایسا کوئی تصور، نظریہ اور فکر شامل نہ کی جائے جو قرآن و سنّت سے متصادم ہو۔

2۔ تمام اسلامی تعلیمات قرآن مجید، سنّت نبوی، فقہ اسلامی، علم الکلام، اخلاق وآداب اور تاریخ اسلام سے حسبِ ترتیب اور حسبِ ضرورت استفادہ کیا جائے۔

3۔ درسی کتب ترتیب دیتے وقت مقامی، علاقائی روایات آراء اور رجحانات داخل کرنے سے ہر ممکن اجتناب برتا جائے۔

4۔ درسی کتب ترتیب دیتے وقت مظاہر قدرت سے بھرپور استفادہ کیا جائے اور طلبہ کو اسلامی عقائد، تصورات اور موضوعات مظاہر قدرت سے مثالیں لے کر سمجھایا جائے۔

5۔ درسی کتب مرتب کرتے وقت کائناتی حقائق اور فنی و سائنسی امور میں اسلام کی صداقت اور حقانیت کو اجاگر کیا جائے تاکہ اسلام کی دیگر ادیان کے مقابلے میں برتری اور تفوق اجاگر ہو۔

6۔ درسی کتب کو مرتب کرتے ہوئے اخلاق وآداب، کردار سازی اور حسنِ معاشرت کے پہلوؤں کو اجاگر کیا جائے تاکہ قران وسنت پر مبنی اسلامی تعلیمات طلبہ کے ذہنوں پر منقش ہوں اور طلبہ کو تمام تعلیمات پر عمل کرنے کی ترغیب حاصل ہو سکے۔

7۔ علوم اسلامیہ کی درسی کتب میں بہت سی محترم اور مقدس شخصیات کا ذکر آتا ہے اس لیے ضروری ہے کہ ان محترم شخصیات کے ناموں کی نہ صرف املاء درست ہو بلکہ ان کے اسمائے گرامی کے ساتھ تعظیمی اور تکریمی عبارات بھی شامل ہوں، مثلاً

حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

انبیاء کرام کے ناموں کے ساتھ علیہ السلام

فرشتوں کے نام کے ساتھعلیہ السلام

اہل بیت اطہار کے ناموں کے ساتھ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

صحابی رسول کے نام کے ساتھ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

صحابیہ رسول کے نام کے ساتھ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

بزرگ، ولی، محدث، فقیہہ کے نام کے ساتھ رحمتہ اللہ علیہ

8۔ اسلامیات کی درسی کتب میں درج ذیل تکریمی امور کو ملحوظ خاطر رکھا جائے، مثلاً

خالق کائنات کے لیے اللہ تعالیٰ

| | |
|---|---|
| صرف مکہ کی جگہ | مکہ مکرمہ |
| صرف مدینہ کی جگہ | مدینہ منّورہ |
| قرآن کی جگہ | قرآن مجید |
| دیگر آسمانی کتابوں کے ناموں کے ساتھ | مقدّس |

9۔علوم اسلامیہ کی درسی کتب میں قرآن وحدیث کے عربی زبان کے اقتباسات درست نقل کیے جائیں اور حوالہ دیے جائیں۔مثال کے طور پر (البقرۃ:۳۱) صحیح البخاری، کتاب الفتن وغیرہ

10۔درسی کتب مرتب کرتے وقت کتاب کے ہر سبق کے آخر میں طلبہ کو ایسا پیغام دیں کہ وہ ان کی عملی زندگی میں کام آسکے۔

12۔ایسی اسلامی معلومات اور تعلیمات شامل کی جائیں جو طلبہ کی ذہنی تربیت کر سکیں اور انہیں تزکیہ نفس اور کردار سازی کی ترغیب دے سکیں۔

13۔ تمام مواد کی تحریر سادہ،آسان الفاظ پر مشتمل اور عام فہم ہو،الفاظ واصطلاحات کی املاء درست ہو اور تمام مواد معیاری ہو۔

14۔ عنوانات اور ذیلی عنوانات مناسب جلی الفاظ میں تحریر ہوں۔

15۔ موضوعات کو مختصر اور مناسب پیرا گراف میں تقسیم کیا جائے جو اپنا مکمل اور واضح تصور رکھتے ہوں۔

درسی کتب مرتب کرتے ہوئے مصنفین مختلف اسباق میں موضوعات کی مناسبت سے متعلقہ مستند احادیثِ مبارکہ اس انداز میں شامل کریں

16۔سبق میں دی جانے والی تعلیمات اور معلومات کا موجودہ دور کے حالات سے ربط ہو تاکہ طلبہ آج کے دور میں ایک مفید فرد بن سکیں۔

17۔ درسی کتب مرتب کرتے ہوئے فاضل مصنفین کتاب ان حدود میں رہ کر مکمل کرنے کی کوشش کریں۔

| | |
|---|---|
| جماعت ششم | 110-100 صفحات |
| جماعت ہفتم | 110-120صفحات |
| جماعت ہشتم | 120-130صفحات |

18۔ہر سبق کے شروع میں حاصلاتِ تعلم درج کریں تاکہ اساتذہ ان کے تحت طلبہ کی تعلیم وتربیت کر سکیں۔

19۔اسلامیات کی درسی کتب مرتب کرتے وقت اس بات کا خاص طور پر خیال رکھا جائے کہ پورا مواد مستند مصادر سے اخذ کیا جائے اور جو فرقہ واریت اور مسالک کی فکر سے بالاتر ہو کر اسلام کی سچی تصویر پیش کرتا ہو اور عالمی مذاہب میں باہمی ہم آہنگی کو فروغ دے۔

20۔ہر سبق کے آخر میں طلبہ کے لیے سرگرمیوں اور اساتذہ کے لیے ہدایات کا اضافہ کیا جائے کیونکہ بعض اسباق کے مقاصد کی تکمیل سرگرمیوں کے ذریعے کی جاتی ہے۔

(الف) طلبہ کے لیے ایسی سر گرمیاں شامل ہوں جو انہیں اسلامی تعلیمات پر عمل کرنے کی ترغیب دیں جیسے بڑوں کی عزت، غریبوں کی مدد، صفائی کا خیال، عبادت کی ترغیب وغیرہ۔

(ب) اساتذہ کرام کے لیے ایسی ہدایات شامل کی جائیں کہ وہ طلبہ کو مزید معلومات فراہم کریں تاکہ طلبہ کی کردار سازی ہو وہ سچے مسلمان اور مفید شہری بن سکیں۔ مثلاً طلبہ کو وضو اور نماز کا طریقہ گھر یا مسجد سے سیکھنے کی ترغیب دیں۔

21۔ درسی کتب میں ہر سبق کے آخر میں نئے الفاظ اور اصطلاحات کے معنی شامل کیے جائیں۔

22۔ سیرت و اسلامی تاریخ کے واقعات میں انسانوں کی تصاویر سے گریز کیا جائے بلکہ مظاہر قدرت، مظاہر فطرت، مساجد اور مدارس کی تصاویر اور نقشہ جات سے کتب کو مزّین کیا جائے۔

23۔ درسی کتب کا اولین صفحہ کسی موزوں اسلامی تہذیبی و ثقافتی تصویر، نقشے یا خاکے سے مزین ہو۔

24۔ درسی کتب میں جمیل نوری نستعلیق فانٹ استعمال کیا جائے۔

25۔ ہر کتاب قومی نصاب کے عین مطابق ترتیب دی جائے۔

26۔ مصنفین کا مختصر تعارف کتاب کے آخر میں شامل کیا جائے۔

27۔ سیرت رسول کے باب میں صرف سیرت النبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے واقعات دیئے جائیں غیر ضروری مواد سے اجتناب کیا جائے۔

مشقی سوالات سے متعلقہ ہدایات

مشقی سوالات بناتے وقت مندرجہ ذیل امور کا خیال رکھا جائے۔

1۔ ہر سبق کے آخر میں مشقوں کا اضافہ کیا جائے۔ سوالات کا طریقہ تین طرح سے منقسم ہو۔

الف: معروضی۔ (خالی جگہ، کثیر الانتخابی، کالم ملانا) متنِ قران و حدیث اور ترجمہ سے خالی جگہ کا سوال نہ دیا جائے

ب: نیم معروضی (مختصر سوالات)

ج: موضوعی سوالات (تفصیلاً سوالات)

2۔ بچوں کی یاداشت اور معلومات کی صلاحیت کو مدنظر رکھنے کے ساتھ ساتھ تفہیم اور اطلاق کو بھی مدنظر رکھا جائے۔

3۔ سوالات طلبہ کی ذہنی سطح کے مطابق مقررہ اسباق میں سے پوچھے جائیں، زیادہ تر سوالات حاصلاتِ تعلم سے اخذ شدہ ہوں۔

4۔ ہر جماعت میں سوالات کی تعداد تدریجاً بڑھائی جائے۔